Member APNS

کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ

Daily Gwadar Business Quetta

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

ABC Certified

ایڈیٹر: ریاض احمد

جلد 22 | جمعرات 02 جولائی 2026ء | 16 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 02

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

طالبات ہر معاملے میں حقیقت اور پروپیگنڈے میں فرق کو سمجھیں

پاکستان ہم سب کے لئے ہر شے سے مقدم اور عزیز ہے، وزیراعلیٰ

ریاست مخالف عناصر بلوچ بچیوں کو خودکش حملوں جیسے سنگین جرائم کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کررہے ہیں، جو نہ صرف انسانیت بلکہ بلوچ روایات، اقدار اور قومی تشخص کے بھی سراسر منافی ہے

گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ پاکستان کی ایک مثالی اور معیاری درسگاہ ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کا گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کا دورہ، 12 ملین روپے گرانٹ کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان کے ہمراہ گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف فیکلٹیز، تعلیمی شعبوں، تدریسی سہولیات اور تربیتی نظام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ اور (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

امریکی وفد کی قطری وزیراعظم سے ملاقات، تہران واشنگٹن مذاکرات پر گفتگو

خطے کی تازہ صورتحال پر بات چیت، لبنان میں جاری جنگ بندی کی پیشرفت پر بھی غور کیا گیا

دوحہ (این این آئی) امریکی خصوصی ایلچی سٹیو وٹکوف اور صدر ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر نے دوحہ میں قطری وزیراعظم سے ملاقات کی جس میں تہران اور واشنگٹن کے درمیان (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

آیت اللہ علی خامنہ ای کی نماز جنازہ میں شرکت کیلئے وزیراعظم رواں ہفتے ایران کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف شہید ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی نماز جنازہ میں شرکت کیلئے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

ایف بی آر نے گزشتہ مالی سال ہدف سے 27 ارب روپے زیادہ ٹیکس وصول کرلیا

گزشتہ مالی سال کے دوران 12983 ارب کا ہدف تھا جبکہ وصولیاں 13010 ارب کی ہوئیں، دستاویز

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے گزشتہ مالی سال کے دوران ٹیکس وصولیاں ہدف سے زیادہ حاصل کیں۔ دستاویز کے مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران 12983 (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

ایران امریکہ مذاکرات میں پیشرفت

تہران کو 3 ارب ڈالر جاری کرنے پر اتفاق

آبنائے ہرمز پر سلطنت عمان کی طرف سے تجویز کردہ منصوبے کی بنیاد پر بات چیت جاری ہے، سلطنت عمان کی تجویز پر مشاورت کیلئے مذاکراتی وفود اپنے اپنے ممالک جائیں گے، عرب ٹی وی

ایران کو جوہری ہتھیاروں سے پاک کرنے کا عمل بخوبی آگے بڑھ رہا ہے، ہم بہت اچھے طریقے سے چل رہے ہیں، ایران طویل سفر طے کرکے آیا ہے، میرے خیال میں وہ خوش ہیں ٹرمپ کا دعویٰ

مفاہمتی یادداشت کے مطابق آبنائے ہرمز سے بغیر کسی لاگت کے گزرنے کی اجازت صرف 60 دن کے لیے ہوگی، اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (این این آئی) ایران کو 3 ارب ڈالر دینے پر عبوری اتفاق ہوگیا ہے۔ عرب ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا کہ ایران نے مذاکرات میں ہر پیشرفت کیساتھ 3 ارب ڈالر جاری کرنے کی شرط رکھی ہے۔ عرب ٹی وی کی رپورٹ میں کہا گیا کہ آبنائے ہرمز پر (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

دوحہ اواشنگن/تہران (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان قطر اور پاکستان کی ثالثی میں بالواسطہ تکنیکی مذاکرات قطر کے دارالحکومت دوحہ میں جاری ہیں تاہم (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

فونز بلوچستان کی سرحد پر افغان طالبان لبنان جیم کے 4 ڈرونز مار گرائے، آئی ایس پی آر

افغان طالبان رجیم کی جانب سے ایسی کارروائیوں کا مقصد اپنی حکومت کے زیر اثر مشکلات کا شکار افغان عوام کی توجہ ہٹانا ہے

افغان طالبان کو یہ احساس کرنا چاہیے کہ ان کا غیر ذمہ دارانہ طرز عمل افغان عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کررہا ہے

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے کہا ہے کہ افغان طالبان حکومت کی جانب سے بلوچستان میں سرحد پار ڈرونز پروازیں ہوئیں جس پر پاکستان نے مؤثر جوابی کارروائی کرتے ہوئے ڈرون مار گرائے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور بھارت کے درمیان قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے درمیان قونصلر رسائی معاہدہ 2008 کے تحت قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ کیا گیا ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق پاکستان نے بھارت کو 715 پاکستانی قیدیوں کی فہرست (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

سندھ طاس معاہدہ، پاکستان کے آبی حقوق کو عالمی سطح کا قانونی تحفظ حاصل ہے، طارق فضل چوہدری

پاکستان امن، بامعنی مذاکرات اور قواعد پر مبنی بین الاقوامی نظام پر غیر متزلزل یقین رکھتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان کے آبی حقوق کو عالمی سطح کا قانونی تحفظ حاصل ہے۔ وفاقی (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے بلغاریہ کی سفیر ملاقات کررہی ہیں

کراچی: صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ ملاقات کررہے ہیں

صدر آصف زرداری سے وزرائے اعلیٰ بلوچستان اور سندھ کی ملاقات

بین الصوبائی تعاون کے فروغ سے ملک کے استحکام اور ترقی کے لیے جاری کوششوں کو مزید تقویت ملے گی

وفاق اور صوبوں کے درمیان مثر رابطہ اور تعاون قومی یکجہتی اور پائیدار ترقی کے لیے ناگزیر ہے، صدر مملکت

کراچی (خ ن) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ملاقات کی، جس میں بین الصوبائی امور اور (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

پاکستان 12 اور 13 جولائی کو او آئی سی وزارتی کانفرنس کی میزبانی کرے گا

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان 12 اور 13 جولائی کو خواتین سے متعلق او آئی سی وزارتی کانفرنس کی میزبانی کرے گا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور افغانستان تصادم کا خاتمہ کریں، روس

دونوں ممالک متنازع امور کو سیاسی اور سفارتی ذرائع سے حل کریں، وزارت خارجہ

ماسکو (این این آئی) روس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان جاری کشیدگی پر ردعمل دیتے ہوئے دونوں ممالک سے معاملہ سفارتی طریقے سے حل کرنے پر زور دیا ہے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

بلیجیم 10 منزلہ رہائشی عمارت میں لگی آگ سے دھواں اٹھ رہا ہے

وزیراعظم کی بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بہبود کیلئے اقدامات میں تیزی لانے کی ہدایت

وزیراعظم سے چیئرمین بورڈ آف گورنرز اور مینجنگ ڈائریکٹر اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کی ملاقات، پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے فاؤنڈیشن کے اقدامات پر گفتگو

موسمی تغیرات کے قومی سطح کے خطرات سے نبرد آزما ہونے کیلئے وفاقی اور صوبائی سطح پر موثر اور جامع تعاون ناگزیر ہے، پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات سے متاثرہ ممالک میں شامل ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سید قمر رضا چیئرمین بورڈ آف گورنرز اور افضال بھٹی مینجنگ ڈائریکٹر اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن نے ملاقات کی جس میں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمی تغیرات کے قومی سطح کے خطرات سے نبرد آزما ہونے کیلئے وفاقی اور صوبائی سطح پر موثر اور جامع تعاون ناگزیر (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

ضم شدہ قبائلی اضلاع اور مالاکنڈ ڈویژن میں ٹیکس چھوٹ ختم، انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس نافذ

قیام پاکستان کے بعد یہ پہلا موقع ہوگا کہ سابق فاٹا اور سابق پاٹا کو باقاعدہ طور پر ٹیکس نظام کا حصہ بنایا جارہا ہے، رپورٹ

ضم اضلاع اب بھی دہشت گردی، پسماندگی کا شکار ہیں، محمد شفیق آفریدی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے مالی سال 2026-27 کے بجٹ میں ضم اضلاع اور مالاکنڈ ڈویژن کے لیے کئی دہائیوں سے جاری ٹیکس استثنیٰ ختم کرنے کا فیصلہ کیا (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وزیراعظم شہباز شریف مون سون کے انتظامی اقدامات سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستانی افغانستان میں دہشتگرد کیخلاف کارروائی سے متعلق روایتی بیان مسترد کردیا

پاکستان اپنے شہریوں کی سلامتی یقینی بنانے کے لیے مناسب اقدامات کرتا رہا ہے اور آئندہ بھی کرتا رہے گا

بھارت پاکستان کے خلاف افغان سرزمین سے دہشت گرد گروہوں کی سرپرستی کرتا رہا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے افغانستان میں دہشت گرد گروہوں کے انفرااسٹرکچر پر حملے سے متعلق بھارت کے بے بنیاد اور مضحکہ خیز بیان کو مسترد کردیا۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے بھارتی وزارت خارجہ کے بیان پر ردعمل میں کہا کہ بھارت پاکستان کے خلاف افغان سرزمین سے دہشت گرد گروہوں کی سرپرستی کرتا رہا ہے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے پابندیوں کے نظام کی بھی خلاف ورزی کررہا ہے (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

بیرسٹر گوہر کی سہیل آفریدی کیخلاف فارورڈ بلاک بننے کی تردید

عوام میں بدگمانیاں پیدا کرنے والے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی تبدیلی کی باتیں کررہے ہیں

وفاقی حکومت کی جانب سے مذاکرات کی پیشکش پر تاحال کوئی پیشرفت نہیں ہوئی ہے

پشاور (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے خلاف فارورڈ بلاک بننے کی تردید کردی۔ میڈیا سے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ایف بی آر ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نئے بجٹ پر عملدرآمد آج شروع ماہانہ آمدن پر ٹیکس کی شرح برقرار

50 کروڑ سے زائد آمدن والے افراد یا کمپنیوں پر اب 8 فیصد سپر ٹیکس لاگو ہوگا، اس سے پہلے 50 کروڑ سے زائد آمدن پر سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد تھی

وفاقی بجٹ میں سالانہ 50 کروڑ روپے سے کم آمدنی والوں پر سپر ٹیکس ختم کردیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے اعلان کردہ نئے مالی سال 2026-27 کے وفاقی بجٹ پر عمل درآمد شروع ہوگیا ہے جس کے تحت ماہانہ ایک لاکھ 83 ہزار یا سالانہ 22 لاکھ آمدن پر ٹیکس کی موجودہ شرح برقرار ہے جبکہ سالانہ 50 کروڑ روپے سے کم آمدنی والوں پر سپر ٹیکس ختم کردیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق نئے وفاقی بجٹ پر عمل درآمد شروع ہوگیا ہے اور ماہانہ ایک لاکھ 83 ہزار یا سالانہ 22 لاکھ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

عالمی بینک کی پنجاب کے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن پروگرام کیلئے 7 کروڑ ڈالر کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے پنجاب کے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن پروگرام کیلئے 7 کروڑ ڈالر کی منظوری دے دی۔ عالمی بینک کے مطابق کنیکٹڈ پنجاب پروگرام کے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

وفاق نے 175 ارب روپے کی جگہ صرف 91 ارب روپے جاری کیے ہیں، وزیراعلیٰ

صرف 91 ارب روپے جاری کیے گئے، جس سے تقریباً 85 ارب روپے کی کمی واقع ہوئی

سندھ کو وصولیوں میں 85 ارب روپے کی کمی کا سامنا ہے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ نظرثانی شدہ بجٹ تخمینوں کے تحت سندھ کو جون کے اختتام تک وفاقی حکومت سے 175 ارب روپے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد وفاقی وزیر پلاننگ احسن اقبال تقریب سے خطاب کررہے ہیں

نواز شریف کا لاہور میں چھت گرنے کے واقعے پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے لاہور میں چھت گرنے کے المناک واقعے پر گہرے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

پاکستان بھر کے تمام پاسپورٹ دفاتر میں کیش لیس ٹرانزیکشنز کا نظام مکمل طور پر فعال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ آج سے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور روس کے درمیان پارلیمانی تعاون کے فروغ پر اتفاق

پارلیمانی روابط دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں، اتفاق

ماسکو (این این آئی) روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے روسی فیڈریشن کونسل کی بین الاقوامی امور کمیٹی کے پہلے نائب چیئرمین آندرے وینیوسوف اور فیڈریشن (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی عوامی خدمت اور مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی

بلاول بھٹو زرداری

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق، جمہوریت اور آئین کی بالادستی کیلئے قربانیاں دی ہیں، آئندہ بھی جدوجہد پوری قوت کے ساتھ جاری رہے گی

پیپلز پارٹی فلاح و بہبود، گڈ گورننس، شفافیت اور ترقیاتی عمل کو مزید موثر بنائے گی، پیپلز پارٹی انتخابات میں کامیابی حاصل کرکے ترقی اور خوشحالی کا سفر جاری رکھے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمت اور مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی زیر صدارت زرداری ہاؤس اسلام آباد میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں آزاد جموں وکشمیر امور کی انچارج فریال تالپور، قائم مقام صدر چودھری لطیف (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

سردار تنویر الیاس نے پیپلز پارٹی کی بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس نے پیپلز پارٹی کی بنیادی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا اس حوالے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ورلڈ بینک کی این ایف سی ایوارڈ میں اصلاحات اور زرعی آمدن پر ٹیکس لگانے کی سفارش

وفاقی اخراجات میں کمی نہیں آئی، 2010 سے 2024 کے دوران صوبائی ریونیو 4 فیصد سے بڑھ کر 6.5 فیصد ہوگیا

قرض ادائیگی، سماجی تحفظ، انفرااسٹرکچر، سیکیورٹی اور ماحولیاتی تحفظ کا مالی بوجھ وفاق اور صوبے مل کر اٹھانے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے این ایف سی ایوارڈ میں اصلاحات کی سفارش کردی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق عالمی بینک نے بتایا کہ قرضوں کی ادائیگی، سماجی تحفظ، انفرا اسٹرکچر، سیکیورٹی اور ماحولیاتی تحفظ سمیت اہم قومی منصوبوں اور شعبوں کا مالی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں نئی ایئر لائن کو سرٹیفکیٹ جاری، جلد فلائٹ آپریشن شروع

کراچی (این این آئی) نئی نجی ایئر لائن ساؤتھ ایئر کو سی ایاے نے ایئر آپریٹرز سرٹیفکیٹ جاری کر دیا۔ ڈی جی سول ایوی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی کا آزاد جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات 2026 کیلئے جیالے انتخابی امیدواروں کے مزید ناموں کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نے آزاد جموں وکشمیر قانون (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

وزیر دفاع خواجہ آصف کی ڈاکٹر وکٹر گاؤ کے بیان کی تائید

ڈاکٹر وکٹر گاؤ کے بیان کو اپنے سوشل میڈیا ایکس اکاؤنٹ پر شیئر کرتے ہوئے اسے پاکستانی موقف کی حمایت قرار دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے نائب صدر سینٹر فار چائنا اینڈ گلوبلائزیشن ڈاکٹر وکٹر گاؤ کے بیان کی تائید کی ہے۔ انہوں نے ڈاکٹر (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبہ، شرجیل میمن کی کام مزید تیز کرنے کی ہدایت

منصوبے کو اعلیٰ معیار اور مقررہ اہداف کے مطابق مکمل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

ہر مرحلے کو مقررہ مدت کے مطابق مکمل کرنے کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں، جائزہ اجلاس میں ہدایت

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیر صدارت ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس ہوا۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو یونیورسٹی آف گوادر کے تیسرے سینٹ اجلاس کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

جنوبی کوریا کا کارگو جہاز خلیج میں حملے کے بعد آبنائے ہرمز سے نکلنے کیلئے تیار

سیول (این این آئی) جنوبی کوریا کی سمندری امور کی وزارت نے تصدیق کی ہے کہ مال بردار جہاز ناموکو آبنائے ہرمز میں حملے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز میں ممکنہ سیکیورٹی آپریشن، فرانسیسی طیارہ بردار بحری جہاز خلیج عدن میں تعینات

پیرس (این این آئی) فرانس نے آبنائے ہرمز میں ممکنہ سیکیورٹی آپریشنز کی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

ونیزویلا میں شدید زلزلوں کے باعث اموات کی تعداد بڑھ کر 1943 ہوگئی

کراکس (این این آئی) ونیزویلا میں شدید زلزلوں کے باعث اموات کی تعداد بڑھ کر 1943 ہوگئی، ہزاروں افراد اب بھی (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

دانش یونیورسٹی کی تعمیر قوم کے تابناک مستقبل کیلئے بہترین سرمایہ کاری ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے مظفر آباد میں دانش یونیورسٹی کا ٹیک کیمپس بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دانش یونیورسٹی کی تعمیر قوم کے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

حکومت ملک کو توانائی بحران اور دہشت گردی جیسے سنگین چیلنجز سے نکالا، احسن اقبال

کسی بھی ملک کی کامیابی کا راز اس کے قدرتی وسائل میں نہیں بلکہ اس کے انسانی وسائل، تعلیم اور مہارتوں میں پوشیدہ ہوتا ہے

پاکستان کی اصل طاقت ایٹم بم نہیں، اس کی نوجوان نسل ہے، نوجوانوں پر سرمایہ کاری ہی روشن مستقبل کی ضمانت ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کی اصل طاقت اس کا ایٹمی پروگرام نہیں بلکہ اس کی باصلاحیت نوجوان نسل ہے اور قوموں کی حقیقی ترقی معدنی وسائل سے نہیں بلکہ انسانی وسائل، معیاری (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

جون 2026 میں مہنگائی کی سالانہ شرح 11.07 فیصد رہی، ادارہ شماریات

ماہانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح میں 0.03 فیصد کمی آئی، شہری علاقوں میں ماہانہ بنیاد پر مہنگائی 0.47 فیصد کم ہوئی

کراچی (این این آئی) ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ مہنگائی سے متعلق رپورٹ کے مطابق جون 2026 میں ملک میں مہنگائی کی سالانہ شرح 11.07 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق جون میں مہنگائی کی شرح وزارت خزانہ کے 11 سے 12 فیصد (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تعداد 167 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی تعداد 167 ہوگئی۔ الیکشن کمیشن نے چار سیاسی جماعتوں کے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی آف گوادر کے تیسرے سینٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نیوی گیشن روٹ کی خلاف ورزی، آبنائے ہرمز میں غیر ملکی جہاز پھنس گیا، ایرانی میڈیا

تہران (این این آئی) آبنائے ہرمز میں غیر ملکی کنٹینر جہاز پھنس گیا۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق ایران کے مقرر کردہ بحری (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

یورپ میں قیامت خیز گرمی، اسپین اور فرانس میں 2 ہزار سے زائد اموات ریکارڈ

ڈبلیو ایچ او نے 6 جولائی کو یورپ میں گرمی کی صورتحال اور موسمیاتی تبدیلی سے متعلق ہنگامی اجلاس طلب کرلیا

میڈرڈ/پیرس (این این آئی) یورپ میں قیامت خیز گرمی کے باعث اسپین اور فرانس میں جون کے مہینے میں 2 ہزار سے زائد اموات ریکارڈ کی گئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یورپ کے مختلف ملکوں میں شدید گرمی کی لہر جاری ہے۔ اسپین میں جون کے مہینے میں شدید (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

لاہور، ٹیوشن سنٹر کی چھت گرنے سے جاں بحق 14 بچے سپرد خاک، لواحقین غم سے نڈھال

وزیراعلیٰ پنجاب کا جاں بحق بچوں کے لواحقین کو 20، 20 لاکھ، زخمیوں کو پانچ پانچ لاکھ روپے دینے کا اعلان

دکھ کی گھڑی میں وزیراعلیٰ مریم نواز لواحقین کے ساتھ کھڑی ہیں، ذیشان ملک

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے کاہنہ کے ٹیوشن سنٹر کی چھت گرنے سے جاں بحق ہونے والے 14 بچوں کو سپرد خاک کردیا گیا، واقعہ میں جاں بحق ہونے والے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز میں ممکنہ سیکیورٹی آپریشن، فرانسیسی طیارہ بردار بحری جہاز خلیج عدن میں تعینات

فرانسیسی طیارہ بردار جہاز کے آبنائے ہرمز کے قریب پہنچنے کا مقصد وقت کی بچت اور مستعدی کو یقینی بنانا ہے، ترجمان

پیرس (این این آئی) فرانس نے آبنائے ہرمز میں ممکنہ سیکیورٹی آپریشنز کی تیاری کے سلسلے میں اپنے طیارہ بردار بحری جہاز شارل ڈیگول کو خلیج عدن میں تعینات کرنے کا اعلان (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

عدالتوں میں صرف کارروائیاں ہورہی ہیں ہمیں معلوم ہے انصاف نہیں ملے گا، علیمہ خان

بادشاہ سلامت وزیر داخلہ خود کہتے ہیں عدالتوں کو کب سزا اور کب ریلیف دینا ہے؟ فیصلہ ہمیں کرنا ہے

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی نے علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر احتجاج پر درج مقدمہ میں وکیل صفائی کی جانب سے 342 کا بیان جمع کرانے کیلئے مہلت کی استدعا منظور کرلی، مقدمہ کی مزید سماعت 3 جولائی تک ملتوی کردی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک سے یو این اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
روزنامہ
ABC Certified
گوادر بزنس

پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل کو حقیقی معنوں میں زرعی تحقیق کا مرکز بنانے اور صوبوں کی مشاورت سے جامع قومی زرعی پالیسی جلد از جلد مرتب کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ زرعی شعبہ پاکستان کو پائیدار معاشی ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی تنظیم نو اور زرعی شعبے میں اصلاحات سے متعلق ایک اہم جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ایگریکلچرانوویشن اینڈ گروتھ پلان پر موثر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے ایک ایپکس فورم قائم کیا جائے، جو ماہانہ بنیادوں پر اجلاس منعقد کرے گا۔اجلاس میں وزیراعظم نے زرخیز۔ای زرعی قرضہ پروگرام سے متعلق ملک گیر آگاہی مہم شروع کرنے کی بھی ہدایت کی تاکہ کسانوں کی آسان زرعی قرضوں تک رسائی مزید بہتر بنائی جا سکے۔انہوں نے کہا کہ بہتر بیج، جدید زرعی ٹیکنالوجی، پانی اور کھاد کی بروقت اور مناسب فراہمی سے فی ایکڑ پیداوار میں نمایاں اضافہ ممکن ہے۔اس کے ساتھ زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن، بہتر ویئر ہاؤسنگ اور جدید ذخیرہ سازی کے نظام پر خصوصی توجہ دینے کی بھی ہدایت کی۔پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے، لیکن زراعت کو جتنی توجہ دینے کی ضرورت ہے، اتنی مختلف حکومتوں کی جانب سے نہیں دی گئی۔ پاکستان ڈینگی، کورونا جیسے بحرانوں سے گزرا، دہشت گردی نے معیشت کو ہلا کر رکھ دیا اور ملک کو کئی جنگوں کا بھی سامنا کرنا پڑا۔متعدد مواقع پر پاکستان کے ڈیفالٹ ہونے کی باتیں بھی ہوتی رہیں، مگر ان تمام مشکلات کے باوجود زرعی شعبہ ہی وہ واحد شعبہ رہا جس نے ہمیشہ ملکی معیشت کو سہارا دیئے رکھا۔اس کے باوجود کہ کسانوں کو وہ سہولتیں بھی میسر نہیں جو پاکستان جیسے خطے کے دیگر ممالک میں دستیاب ہیں، ترقی یافتہ ممالک کی تو بات ہی الگ ہے۔کسانوں کو نہ صرف مہنگی کھادیں اور زرعی ادویات خریدنا پڑتی ہیں بلکہ کئی مرتبہ یہ جعلی اور غیر معیاری بھی ثابت ہوتی ہیں۔معیاری بیجوں کی عدم دستیابی بھی کسانوں اور کاشتکاروں کا ایک بڑا مسئلہ ہے۔گندم، چاول، کپاس اور گنا جیسی فصلوں کی ہر سال بمپر پیداوار حاصل ہوتی ہے، مگر کسان کو اس کا مناسب معاوضہ نہیں ملتا۔اس کی محنت کا بڑا حصہ مڈل مین لے جاتا ہے، جبکہ کسان اور کاشتکار پر مختلف قسم کے ٹیکس بھی عائد کیے جاتے ہیں۔حکومتی دلچسپی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ تین سال قبل گندم کی امدادی قیمت 3,900 روپے فی 40 کلوگرام مقرر کی گئی تھی، مگر اس سال کسان 2,200 روپے فی 40 کلوگرام کے حساب سے گندم فروخت کرنے پر مجبور رہا۔ پاکستان میں شاید ہی کوئی ایسی چیز ہو جس کی قیمت میں اضافہ نہ ہوا ہو، مگر گندم کی قیمت مسلسل کسان کے لیے نقصان کا باعث بنتی رہی ہے۔رواں سال 3500 روپے فی 40 کلوگرام مقرر کی گئی ہے۔زرعی برآمدات کے حوالے سے بھی کوئی واضح اور مستقل پالیسی موجود نہیں۔چینی کی برآمد کی بات کی جائے تو یہ شوگر ملز ایسوسی ایشن برامد کرتی ہے۔جس کا کسان کے ساتھ کوئی لینا دینا نہیں ہوتا۔اگرچہ حکومت نے زرعی ٹیوب ویلوں کے بجلی کے بلوں میں کچھ ریلیف دیا ہے، تاہم یہ پڑوسی ملک کے مقابلے میں بہت کم ہے، جہاں کئی ریاستوں میں کسانوں کو زرعی بجلی مفت فراہم کی جاتی ہے، جبکہ مشرقی پنجاب میں گھریلو صارفین کو بھی 600 یونٹ تک مفت بجلی دی جاتی ہے۔ڈیزل کی قیمتیں بھی ناقابلِ برداشت ہو چکی ہیں، یہی ایندھن ٹریکٹروں اور ٹیوب ویلوں کے لیے بنیادی ضرورت ہے۔سولر پینلز پر اگرچہ ٹیکس نہیں لگایا گیا، لیکن ان کی بلند قیمتیں بھی انہیں اکثر کسانوں کی دسترس سے باہر کر رہی ہیں۔

فیلڈ مارشل: عالمی امن کے سفیر

تحریر۔آصف رفیق

تاریخ گواہ ہے کہ قومیں مخلص، باصلاحیت، فرض شناس اور محبِ وطن قیادت کی بدولت ہی ترقی و استحکام کی منازل طے کرتی ہیں۔ایسی قیادت نہ صرف اپنے ملک کے مفادات کا تحفظ کرتی ہے بلکہ عالمی سطح پر بھی مثبت اور تعمیری کردار ادا کرتی ہے۔ آج فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی شخصیت اور خدمات کو بھی اسی تناظر میں دیکھا جا رہا ہے۔ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں، مستقل مزاجی اور قومی مفادات کے لیے وابستگی ان کی شناخت بن چکی ہیں۔ یوں تو پاکستان ماضی میں بھی بین الاقوامی سفارت کاری میں اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔امریکہ اور چین کے درمیان سفارتی روابط کی بحالی میں پاکستان کا کردار تاریخ کا ایک اہم باب ہے۔حالیہ عرصے میں بھی پاکستان نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے سرگرم کردار ادا کیا جس کی معترف آج پوری دنیا ہے۔عالمی طور پر تسلیم کیا جا رہا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی میں کمی، مذاکرات کی راہ ہموار کرنے اور جنگ بندی کی کوششوں میں پاکستان کی سفارتی کاوشیں نمایاں رہیں، جن میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کردار خصوصی توجہ کا مرکز بنا۔بین الاقوامی سطح پر پاکستان اور اس کی قیادت کی پذیرائی نہ صرف ریاست بلکہ پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہے۔دو اہم ممالک کے درمیان کشیدگی کم کرانے اور مذاکرات کو آگے بڑھانے کی کوششیں کسی بھی صورت آسان نہیں ہوتیں۔اس کے لیے بصیرت، صبر، اعتماد سازی اور مسلسل سفارتی رابطوں کی ضرورت ہوتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ فیلڈ مارشل کی سفارتی صلاحیتوں کو مختلف حلقوں میں سراہا جا رہا ہے تاہم عالمی سطح پر امن کی کوششوں کے ساتھ ساتھ پاکستان کے اندر سیاسی اور معاشی استحکام بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ملک کو درپیش داخلی چیلنجز اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ تمام سیاسی قوتیں قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے مکالمے اور اتفاق رائے کی راہ اختیار کریں۔میثاقِ جمہوریت اور میثاقِ معیشت جیسے اقدامات سیاسی کشیدگی میں کمی اور پائیدار معاشی پالیسیوں کی تشکیل میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔یہ حقیقت ہے کہ سیاسی استحکام کے بغیر معاشی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔حکومت اور اپوزیشن دونوں کو چاہیے کہ قومی معاملات پر بامقصد اور نتیجہ خیز مذاکرات کا آغاز کریں تاکہ آئین و قانون کی بالادستی، اداروں کے استحکام اور معاشی اصلاحات کے لیے مشترکہ لائحہ عمل مرتب کیا جا سکے۔ملک اس وقت صرف بیرونی خطرات ہی نہیں بلکہ اندرونی سیاسی اور معاشی چیلنجز سے بھی نبرد آزما ہے، لہٰذا تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان ہم آہنگی ناگزیر ہو چکی ہے۔ پاکستان کی معاشی بحالی کے لیے سرمایہ کاری میں اضافہ، برآمدات کا فروغ، صنعتی سرگرمیوں کی توسیع، مہنگائی پر قابو پانے اور کاروباری ماحول کو بہتر بنانا ضروری ہے۔ بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے اور انہیں سہولتیں فراہم کرنے سے ملکی معیشت کو نئی توانائی مل سکتی ہے۔اسی طرح طویل المدتی معاشی پالیسیوں پر قومی اتفاقِ رائے بھی وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ حکومتوں کی تبدیلی سے معاشی سمت متاثر نہ ہو۔اس میں کوئی شک نہیں کہ عالمی سطح پر امن کے لیے کی جانے والی ہر کوشش انسانیت کی خدمت کے مترادف ہے۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے مشکل اور پیچیدہ حالات میں بھی سفارتی رابطوں اور امن کی کوششوں کو جاری رکھا۔مذاکراتی عمل میں آنے والی رکاوٹوں کے باوجود مستقل مزاجی اور عزم کا مظاہرہ کیا، جسے ان کی قیادت کا مثبت پہلو قرار دیا جا رہا ہے۔آج دنیا کو محاذ آرائی نہیں بلکہ مکالمے، برداشت اور تعاون کی ضرورت ہے۔ ایسے ماحول میں جو شخص یا ادارہ کشیدگی کم کرنے اور امن کے فروغ میں کردار ادا کرے، وہ یقیناً قابلِ تحسین ہوتا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن، استحکام اور باہمی احترام کی پالیسی کی حمایت کی ہے، اور یہی رویہ مستقبل میں بھی ملکی اور عالمی مفادات کے لیے سودمند ثابت ہو سکتا ہے۔امید کی جاتی ہے کہ سیاسی اور عسکری قیادت کی مشترکہ کاوشوں سے پاکستان مزید سیاسی، معاشی اور سماجی استحکام حاصل کرے گا۔اگر قومی مفاد کو ذاتی اور جماعتی مفادات پر ترجیح دی جائے تو پاکستان نہ صرف اپنے داخلی مسائل پر قابو پا سکتا ہے بلکہ عالمی برادری میں اپنا مقام مزید مستحکم کرتے ہوئے ایک مضبوط، خوشحال اور باوقار ریاست کے طور پر ابھر سکتا ہے۔

☆☆☆

چمن پسنجر ایکسپریس کی بندش: آٹھ لاکھ آبادی کی سفری مشکلات اور حکام کی خاموشی

تحریر: حافظ محمد صدیق مدنی

بلوچستان کا شہر چمن کہنے کو تو صوبے کا دوسرا بڑا تجارتی اور سرحدی شہر ہے جہاں آٹھ لاکھ سے زائد انسان بستے ہیں لیکن بنیادی سہولیات کے لحاظ سے یہ شہر آج بھی پسماندگی کی تصویر بنا ہوا ہے۔اس وقت اہلیان چمن کا سب سے بڑا اور سنگین مسئلہ چمن پسنجر ایکسپریس ریل گاڑی کی کئی مہینوں سے جاری بندش ہے جس نے پورے شہر کی زندگی کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔انگریزوں کے دور سے چلنے والی یہ ٹرین چمن اور کوئٹہ کے درمیان غریب عوام کے لیے سفر کا واحد سستا اور محفوظ ذریعہ تھی۔ لیکن افسوس کہ گزشتہ کئی ماہ سے یہ ریل گاڑی بغیر کسی ٹھوس وجہ کے بند پڑی ہے۔ جس کی وجہ سے مقامی آبادی کو شدید ترین سفری اور معاشی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ٹرین کی بندش کے بعد چمن کے عوام اب پوری طرح کوئٹہ شاہراہ (ہائی وے) پر انحصار کرنے پر مجبور ہیں۔مگر یہ شاہراہ آئے روز مختلف قسم کے احتجاجوں، دھرنوں اور بندشوں کا شکار رہتی ہے۔ جب بھی یہ سڑک بند ہوتی ہے تو چمن کا رابطہ ملک کے دیگر حصوں سے کٹ جاتا ہے۔اس صورتحال کا سب سے دردناک پہلو یہ ہے کہ ہائی وے بلاک ہونے کی وجہ سے ہسپتال جانے والے مریض، بوڑھے، خواتین اور معصوم بچے گھنٹوں سڑکوں پر پھنسے رہتے ہیں۔کئی بار ایمرجنسی کی حالت میں مریض وقت پر کوئٹہ نہیں پہنچ پاتے جو کہ ایک بڑا انسانی المیہ ہے۔عوام کا یہ سوال بالکل جائز ہے کہ حال ہی میں ملک کے اندر پٹرولیم اشیاء کی قیمتیں سستی ہوئی ہیں اور پرانے ریٹ واپس آ چکے ہیں تو پھر ریلوے انتظامیہ چمن پسنجر ایکسپریس کو بحال کیوں نہیں کر رہی؟ جب پٹرول مہنگا ہو تو ٹرینیں بند کر دی جاتی ہیں یا کرائے بڑھا دیے جاتے ہیں لیکن اب قیمتیں کم ہونے کے باوجود ٹرین کو تا حال بند رکھنا سمجھ سے باہر اور عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔چمن کے غریب اور دہاڑی دار طبقے کے لیے سڑک کے ذریعے مہنگا سفر کرنا اب بس کی بات نہیں رہی۔ٹرین نہ صرف سستی تھی بلکہ اس کے ذریعے سفر کرنے والے مسافر احتجاج اور روڈ بلاک ہونے کی اذیت سے بھی محفوظ رہتے تھے۔ آٹھ لاکھ کی آبادی کو اس طرح بے یار و مددگار چھوڑ دینا کسی بھی طور درست نہیں ہے۔ہم حکومتِ وقت، وزیرِ ریلوے اور اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ چمن کے عوام کے اس اہم اور جائز مطالبے کو فوری طور پر سنا جائے۔چمن پسنجر ایکسپریس ریل کو ہنگامی بنیادوں پر بحال کیا جائے تاکہ غریب عوام کو سستی سفری سہولت مل سکے اور سڑکوں پر خوار ہونے والے مریضوں اور مسافروں کی مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔

جنسی جرائم میں اضافے کا سبب بھی سوشل میڈیا ہے!

تحریر: چودھری خادم حسین

ملک کے مختلف حصوں میں جنسی زیادتی کی وارداتیں تو کب سے ہو رہی ہیں تاہم حالیہ دنوں میں تین سالہ اور سات سالہ بچیوں کے ساتھ زیادتی اور قتل نے معاشرے کے مختلف حلقوں کو چونکا دیا جبکہ خیبر پختونخوا میں ہونے والی اجتماعی وارادات بھی سوچنے پر مجبور کر رہی ہے یہ سانحہ کئی روز پہلے کا ہے اور مقامی جرگہ کا عجیب و غریب فیصلہ بھی سامنے آیا ہے، ان کے مطابق یہ طے کر دیا گیا کہ مظلوم بچی کو مجرمانہ حملہ کے ملزموں میں سے کسی ایک کے ساتھ بیاہ دیا جائے۔ پولیس نے اس پر عملی کارروائی کی اور باقاعدہ مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز بھی کر دیا ہے۔ انہی جرائم کے حوالے سے ہمارے الیکٹرانک میڈیا نے پروگرام بھی کئے اور یہ جاننے کی کوشش کی کہ ایسے واقعات کیوں ہوئے اور ان میں اضافہ کیوں ہو رہا ہے اس سلسلے میں ماہرین کی آراء بھی لی گئیں اور کئی پہلوؤں پر بات ہوئی۔ چائلڈ پروٹیکشن بیورو پنجاب کی خاتون سربراہ نے تو والدین کو نصیحت کر دی کہ چھوٹی بچیوں کو اکیلا نہ بھیجا جائے۔ ٹاک شو میں پولیس پر بھی الزام لگائے گئے اور یہ بھی تجویز کیا گیا کہ مجرموں کو سخت سزائیں دی جائیں، اس سے بڑی سزا کیا ہو گی کہ سات سالہ بچی کے ملزموں میں سے مرکزی ملزم تو سزا پا چکا اور اسے سی سی ڈی سے مبینہ مقابلہ موت کی صورت میں بھگتنا پڑا۔ یہ سب اپنی جگہ، مگر یہ سلسلہ کسی طور رک نہیں رہا، قصور کی مظلوم زینب سے لے کر کراچی کی تین سالہ بچی تک یہ سب اب بھی جاری ہے ہم ان وارداتوں پر بات تو کرتے ہیں لیکن اسباب اور وجوہ پر بات نہیں ہوتی اس لئے کوئی حل بھی سامنے نہیں آتا۔

آج کے جدید دور میں ترقی یافتہ ممالک میں یہ رجحان نہیں بلکہ ایسے جرائم کے مختلف سماجی اور اخلاقی پہلوؤں پر بات کرنے کے علاوہ وارداتوں کے اسباب پر فکری غور بھی کیا جاتا ہے جس کا اندازہ یوں بھی ہوتا ہے کہ برطانیہ میں سوشل میڈیا کے استعمال پر عمر کی حد لگا دی گئی ہے، ایسا مجموعی تاثر کے باعث کیا گیا کہ معاشرے میں انتشار بڑھتا جا رہا ہے، کئی اور وجوہات کا بھی ذکر ہے لیکن جو کچھ ہمارے ملک میں ہو رہا ہے، اس کے تمام پہلوؤں پر غور نہیں ہو رہا بلکہ میرے نزدیک حقائق کو نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ ان وارداتوں پر غور کیا جائے تو کئی پہلو سامنے آتے ہیں، ایسی وارداتیں کم ہیں جن میں ملزم بالغ مرد ہوتے ہیں عموماً یہ دیکھا گیا ہے کہ زیادہ تر ملزم بلوغت کی طرف بڑھنے والے لڑکے ہیں بلکہ کئی ملزم تو نابالغ پائے گئے۔غور کرنا چاہیے کہ چھوٹی عمر کے ان بچوں میں جنسی ترغیب کیسے ہوئی اور وہ ایک جرم کے ارتکاب کے بعد خوف کے باعث قتل تک کا جرم کر لیتے ہیں۔ میرے نزدیک اس کی وجہ سوشل میڈیا ہے۔ آج کے دور میں موبائل کی وبا اس حد تک پھیل چکی ہے کہ ایک ایک فرد کے پاس دو دو موبائل ہوتے ہیں اور یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ پیروں میں ٹوٹی چپل اور کپڑے غربت کا اشتہار ہوتے ہیں لیکن ان کے ہاتھ میں قریباً دس ہزار روپے مالیت کا موبائل ضرور ہوتا ہے اور یہ جوانی کی طرف بڑھتے لڑکے ہر دم سکرین کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اس مشین کا کنٹرول تو ہمارے پاس نہیں ہے یہ تو دولت کمانے والے مالک ہی پروگرام ترتیب دیتے اور دکھاتے ہیں۔ اس سوشل میڈیا پر ایسی ایپس کی بھرمار ہے جو جنسی رجحان پیدا کرتی اور لڑکوں کے جذبات مشتعل کرتی ہیں اور یہ وہ نفسیاتی عمل ہے جو ان نوجوانوں کو جرم کی طرف مائل کرتا ہے اس سلسلے میں درجہ بندی بھی کی جا سکتی ہے جو امیر اور غریب کے درمیان توازن کی ہے، امیر نوجوان اپنے اندر پیدا ہونے والے مجرمانہ جذبات کو اپنے انداز سے حل کرتے ہیں جبکہ نچلے طبقے والے براہ راست جرائم کی طرف مائل ہو جاتے ہیں اور یہی سلسلہ جنسی زیادتی اور قتل کی وارداتوں میں اضافے کا بھی سبب ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہماری حکومت بھی اپنے ماہرین سے مشاورت کر کے سوشل میڈیا کی اس وباء کا بھی سدباب کرے جس پر عام جنسی اختلاط کے مناظر کی ویڈیوز ہوتی ہیں۔ ان وجوہات پر غور اور عملی طور پر سدباب کی ضرورت ہے۔

ان وارداتوں پر غور کیا جائے تو کئی پہلو سامنے آتے ہیں، ایسی وارداتیں کم ہیں جن میں ملزم بالغ مرد ہوتے ہیں عموماً یہ دیکھا گیا ہے کہ زیادہ تر ملزم بلوغت کی طرف بڑھنے والے لڑکے ہیں بلکہ کئی ملزم تو نابالغ پائے گئے۔غور کرنا چاہیے کہ چھوٹی عمر کے ان بچوں میں جنسی ترغیب کیسے ہوئی اور وہ ایک جرم کے ارتکاب کے بعد خوف کے باعث قتل تک کا جرم کر لیتے ہیں۔ میرے نزدیک اس کی وجہ سوشل میڈیا ہے۔

اس سلسلے میں معاشرتی اقدار کی تباہی کو بھی پیش نظر رکھنا ہوگا کہ ہمارا بچپن، بہتر معاشرے میں گزرا اس لئے تب غیر اخلاقی حرکات بھی کم تھیں، اب صورت حال مختلف ہے ان وجوہ کو بھی زیر غور لانا ہوگا۔ آبادی میں تیز اضافہ بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

☆☆☆

مسلسل زوال کی زد میں آیا برطانیہ

تحریر۔نصرت جاوید

مشن ہائی سکول رنگ محل لاہور میں پرائمری جماعتوں سے گزرتے ہوئے یہ سیکھا تھا کہ برطانیہ کا اصلی اور نسلی گورا جذبات سے کبھی مغلوب نہیں ہوتا۔مردوں کے بارے میں تو خاص طور پر یہ فقرہ یاد رہا کہ ’’Cry Don Men (مرد روتے نہیں)‘‘۔

عمر کے آخری حصے میں پیر کی دوپہر کھانے کے قریب سوشل میڈیا کے ذریعے علم ہوا کہ برطانیہ کے وزیراعظم اسٹارمر مستعفی ہونے کا اعلان کرنے والے ہیں۔ میز پر بیٹھنے سے قبل لہٰذا بی بی سی لگالیا۔ روٹی کا پہلا نوالہ منہ میں ڈالا تو وزیراعظم کی براہ راست دکھائی تقریر کا آغاز ہوگیا۔ برطانوی سیاست میں کسی بھی نوعیت کی دلچسپی نہ رکھنے کے باوجود اسے بغور سننے کو مائل ہوا اور شدید حیرت اس وقت ہوئی جب تقریر ختم کرنے کے قریب اسٹارمر کی آواز فرطِ جذبات سے بھرا گئی۔ سیاست کی بدولت وہ بیوی اور بچوں کو مناسب وقت نہیں دے پایا تھا۔ وزیراعظم کے عہدے سے مستعفی ہوجانے کے بعد اس نے خاندان کو نظرانداز کئے جانے کا کفارہ ادا کرنے کا عہد باندھا۔ مائیک سے دور ہوتے ہی بیوی کو گلے لگایا اور اس کا ہاتھ تھامے برطانوی وزیراعظم کے گھر کی جانب چل پڑا۔ وزیراعظم کی سرکاری قیام گاہ کے باہر نصب بند دروازے پر 10 نمبر لکھا تھا۔ جس گلی میں یہ مکان ہے اسے Downing Street پکارا جاتا ہے۔ مجھے علم نہیں کہ اس کی وجہ کیا ہے۔ اس نام نے لیکن مجھے انگریزی کا لفظ (Down) یاد دلایا۔ اسٹارمر کی جذبات سے مغلوب ہوتی آواز اور برطانوی وزیراعظم کی سرکاری قیام گاہ کے ایڈریس نے (Down) کے تناظر میں زوال کے لفظ پر غور کو مجبور کردیا۔ پیغام یہ ملا کہ برطانیہ جو آج سے فقط سو برس قبل تک ایک ایسی سلطنت تھا جہاں کبھی سورج غروب نہیں ہوتا تھا اب مسلسل زوال کی زد میں آچکا ہے اور عروج کے بعد زوال سے افراد ہی نہیں اقوام کے لئے بھی مفر ممکن نہیں۔

رب کا صد شکر کہ پاکستان کے ’’سیاستدان‘‘ سیاست چھوڑ کر ’’ہائی برڈ‘‘ نظام کے مشینی چوزے بن چکے ہیں۔ میرے اور آپ کے ووٹوں سے مبینہ طور پر منتخب ہوئے اراکین اسمبلی نے ایک قانون منظور کیا۔ وہ قانون ٹیک کمپنیوں، موبائل فونز کو جدید تر بنانے کے لئے درکار ٹاور کو ترجیح کے مطابق کسی بھی عمارت پر لگانے کا اختیار دیتا تھا۔ وہ زمین جو میری بیوی کو ورثے میں ملی اور جس پر ہم دونوں نے عمر بھر کی محنت کے بعد بچائی رقم کی آخری پائی خرچ کر کے کرائے کے بوجھ سے نجات کے لئے جو مکان بنایا تھا لب سڑک واقع ہونے کی وجہ سے اگر فائیو جی ٹیکنالوجی کی سہولت کے لئے لگائے ٹاور کی تنصیب کے لئے کسی ٹیک کمپنی کو پسند آجائے تو میں انکار کے اختیار سے اس قانون کے مطابق محروم ہو جاتا۔ ٹاور کی تنصیب کی اجازت سے انکار ایک حوالے سے گویا ’’بغاوت‘‘ قرار دی جاتی۔ اس کی پاداش میں پانچ کروڑ روپے جرمانہ بھی ادا کرنا پڑ سکتا تھا۔ میرے اور آپ کے ووٹوں سے مبینہ طور پر براہ راست منتخب ہوئے نمائندوں کی جانب سے منظور ہوا قانون جب بالواسطہ طور پر منتخب ہوئے سینٹ میں آیا تو پیپلز پارٹی کی پلوشہ خان نے مسلم لیگ کے دو بیلیٹروں۔سعدیہ عباسی اور افنان۔کے ساتھ مل کر مزاحمت دکھائی۔ان کی مزاحمت سے چوکنا ہوئے صحافیوں کو وزراء اور سرکاری ترجمان ’’جہلا‘‘ پکارتے رہے۔جدید تقاضوں سے ناآشنا جاہل جو قوم کو ابلاغ کے جدید ترین ذرائع سے دور رکھنا چاہ رہے ہیں۔’’جاہل صحافی‘‘ قومی اسمبلی سے منظور کروائے قانون کی دلائل کے ساتھ مخالفت میں ڈٹے رہے تو وزیراعظم صاحب نے مذکورہ قانون پر نظرثانی کے لئے ایک کمیٹی کے قیام کا اعلان کردیا۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ صاحب مذکورہ کمیٹی کے قیام کے بعد قومی اسمبلی سے باقاعدہ منظور ہوئے قانون میں ’’چند غلطیوں‘‘ کا اعتراف کررہے ہیں جن کا تدارک لازمی ہے۔ وزیر قانون کی جانب سے بعد از وقوعہ برتی انکساری اس حقیقت کو جھٹلا نہیں سکتی کہ میرے اور آپ کے ووٹوں سے مبینہ طور پر براہ راست منتخب ہوئے اراکین قومی اسمبلی نے اپنے روبرو رکھے قوانین کے مسودے کو بغور دیکھنا چھوڑ دیا ہے۔ ان کا ایک لفظ پڑھے بغیر ’’منظور ہے۔منظور ہے‘‘ کی صداؤں سے انہیں منظور کردیتے ہیں۔ ہماری خوش بختی کہ اتفاقاً قومی اسمبلی سے منظور ہوئے قانون کی خامیوں پر چند اراکین سینٹ کی نظر پڑگئی اور ہم دورِ حاضر میں ’’فیک کمپنیوں‘‘ کے نام پر ابھرتی ’’ایسٹ انڈیا کمپنیوں‘‘ کے جبر سے وقتی طور پر محفوظ ہوگئے۔ بکرے کی ماں مگر کب تک خیر منائے گی۔

’’ہائی برڈ‘‘ نظام کی مذمت مگر کس منہ سے کروں۔ وہ جسے پارلیمانی نظام حکومت کہا جاتا ہے برطانیہ ہی نے متعارف کروایا تھا۔ اس کا متعارف کردہ نظام تاہم اب برطانیہ ہی کو گزشتہ کئی برسوں سے عدم استحکام کا شکار بنائے ہوئے ہے۔ اسٹارمر ساتواں وزیراعظم ہے جو دس برسوں میں استعفیٰ دینے کو مجبور ہوا۔ ہمارے اقبال نے جمہوریت کے لئے ’’بندوں کو گنا کرتے ہیں…‘‘ والی تہمت ایجاد کی تھی۔ کئی برسوں تک میں اسی گماں میں مبتلا رہا کہ شاعر مشرق جرمن فلسفی نطشے کی تعلیمات سے مغلوب ہوکر جمہور مخالف ہوگئے تھے۔ پارلیمانی جمہوریت کی ماں یعنی برطانیہ کو گزشتہ کئی برس سے مگر سیاسی استحکام نصیب نہیں ہو رہا۔ اس نے بورس جانسن جیسے مسخرے رہنما دیئے جو بطور صحافی دیدہ دلیری سے فیک نیوز پھیلاتے رہے تھے۔ صحافت چھوڑ کر سیاست میں آئے تو برطانیہ کی یورپی یونین میں شمولیت کو تاریخی غلطی ٹھہراتے ہوئے اپنے ملک کی انفرادیت کا ڈھول پیٹنا شروع کردیا۔ عوام نے ان کی تراشی داستان پر اعتبار کیا۔ یورپی یونین سے علیحدہ ہوکر برطانیہ مگر عالمی معیشت میں مزید تنہا ہوگیا۔ وہ زمانہ لوٹ ہی نہیں سکتا جب اس کے جنگی بنیادوں پر تیار کئے بحری جہاز تجارت کے نام پر ایشیاء اور افریقہ کے بے تحاشہ رقبوں تک اپنی سلطنت پھیلاتے تھے۔ لندن کے بازاروں میں گھومیں تو وہاں کی رونق بنیادی طور پر ان تارکین وطن کی عطا کردہ ہے جن کے والدین کا تعلق اس نسل سے ہے جو دوسری جنگ عظیم کے بعد برطانوی معیشت بحال کرنے پاکستان جیسے نوآزاد ملکوں سے وہاں آباد ہونا شروع ہوئی تھی۔ ان کی تیسری نسل اب پڑھ لکھ کر دن رات کی محنت سے برطانوی معیشت کو رواں رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 1

فروغ، کاروباری مواقع، مقامی معیشت کی بہتری اور ترقیاتی امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔عشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ دعووں کے برعکس بلوچستان کی حالات اندازوں سے زیادہ خراب ہے وفاق تماشائی نہ بنے اور دور سے بیٹھ کر تبصروں، طاقت کے استعمال، گولی زور زبردستی کے بجائے عوام کو امن نوجوانوں کو روزگار تاجروں کیلئے بارڈر زکت دروازے کھولنے کیساتھ احتجاج کرنے والوں کے دیرینہ مسائل و جائز مطالبات حل کریں۔ سیاسی قیدیوں کو رہا قانونی آئینی حقوق دیے جائے۔ گوادر اپنی جغرافیائی اہمیت، ساحلی محل وقوع اور وسیع معاشی امکانات کے باعث ملکی و بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ گوادر کی ترقی میں نجی شعبے کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے اور سرمایہ کاری کے فروغ سے نہ صرف معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا بلکہ مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔عشائیہ تقریب میں آباد کے وفد کی قیادت چیئرمین حسن بخشی نے کی جبکہ وفد میں عفان قریشی، حاجی غانی، فصیح الدین قریشی، محمد عامر خان، محمود مسعود، شبیر بلوچ، محمود احمد خان، نعیم خان، عبدالسلام، سید افضل حمید، جنید تالو، کامران قریشی، فیصل ادریس، جنید تائی، فہد احسن، ریان فہد اور ہمایوں قادر سمیت دیگر اراکین شریک تھے۔عشائیہ کے موقع پر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے وفد کے اراکین کو بلوچی ثقافت کی علامت کے طور پر بلوچی چادر پیش کی، جبکہ آباد کے وفد نے انہیں یادگاری شیلڈ پیش کرتے ہوئے گوادر کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے ان کی خدمات کو سراہا

بقیہ 2

انجینئرز کی تقرری کے احکامات جاری کردیے ہیں اس اہم پیش رفت کو محکمہ کی کارکردگی استعداد کار اور صوبے میں روزگار کے مواقع بڑھانے کی جانب ایک بڑی کامیابی قرار دیا جا رہا ہے سرکاری ذرائع کے مطابق نئی تقرریوں سے نہ صرف محکمہ مواصلات و تعمیرات کی افرادی قوت (Strength) میں نمایاں اضافہ ہوگا بلکہ جاری اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کی رفتار اور معیار میں بھی بہتری آئے گی اس اقدام سے صوبے کے مختلف اضلاع میں انفراسٹرکچر کی تعمیر، سڑکوں، پلوں اور دیگر عوامی منصوبوں کی بروقت تکمیل میں مدد ملے گی حکام کا کہنا ہے کہ 192 نئے سب انجینئرز کی شفاف اور میرٹ پر مبنی بھرتی بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے ذریعے عمل میں لائی گئی جو حکومت بلوچستان کے میرٹ شفافیت اور گڈ گورننس کے عزم کا مظہر ہے یہ پیش رفت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ کے وژن کے مطابق صوبے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنے کی پالیسی کا اہم حصہ قرار دی جا رہی ہے اس موقع پر سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ ان تقرریوں سے ایک جانب تعلیم یافتہ نوجوانوں کو سرکاری ملازمتیں میسر آئیں گی جس سے بے روزگاری میں کمی آئے گی جبکہ دوسری جانب محکمہ مواصلات و تعمیرات کی تکنیکی صلاحیت میں اضافہ ہونے سے ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی منصوبہ بندی اور بروقت تکمیل کو یقینی بنانے میں بھی مدد ملے گی

بقیہ 3

روپے نقدی موبائل فون و دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے اوستہ محمد گسی مارکیٹ میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک اور ہندو تاجر سے گن پوائنٹ پر نقدی موبائل فون و دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی جبکہ دونوں واقعات کی پولیس نے مزید تحقیقات شروع کر دی گئی ادھر جھل مگسی کے علاقے گنداواہ سٹی میں بھی نامعلوم مسلح افراد نے ایک مقامی ہندو تاجر کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنانے کے بعد نقدی موبائل فون پرچون کا سامان لوٹ کر فرار ہو گئے ہندو تاجروں کو دن دھاڑے لوٹنے کے واقعات پر مقامی تاجروں میں سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی اور ہندو تاجر برادری نے متعلقہ پولیس حکام سے اپیل کی ہے کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو گرفتار اور مقامی تاجروں کو تحفظ فراہم کیا جائے

بقیہ 4

بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت ضلع کے ذمہ دار نشر و اشاعت مقبول مہر کو حاصل ہوئی۔ بعد ازاں صدر ضلع اور ضلعی سیکرٹری نے اجلاس کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز کیا۔ اجلاس کے دوران تمام ضلعی ذمہ داران نے مقررہ فارمیٹ کے مطابق اپنی اپنی شعبہ جاتی رپورٹس پیش کیں۔ رکن سازی، امیدوار رکن، سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں تنظیمی سرگرمیوں، افکار معلم، نشر و اشاعت اور دیگر شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ الحمدللہ تمام رپورٹس بروقت مکمل کی گئیں، جنہیں آئندہ مرحلے میں صوبہ بلوچستان کو ارسال کیا جائے گا۔ اجلاس میں آئندہ کے تنظیمی اہداف، درپیش کمزوریوں اور کوتاہیوں پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ تنظیم کو مزید مضبوط، فعال اور مؤثر بنانے، افرادی قوت میں اضافہ کرنے اور تعلیمی میدان میں تنظیمی خدمات کے دائرہ کار کو وسعت دینے کے لیے بھرپور محنت کی جائے گی

بقیہ 5

چھتیں گرنے سے خاتون اور 2 بچے ملبے تلے دب کر جاں بحق جبکہ 4 افراد جاں بحق ہو گئے مقامی انتظامیہ نے نعشوں اور زخمیوں کو ملبے تلے سے نکال کر ہسپتال پہنچا دیا جہاں نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئیں۔

بقیہ 6

داریاں سنبھالنے سے قبل بابائے قوم کو خراج عقیدت پیش کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ فرسٹ لیڈی، ان کے بچے اور والدین بھی موجود تھے جس سے تقریب کو سرکاری وقار کے ساتھ خاندانی وابستگی کی خوشگوار جھلک بھی حاصل ہوئی یہ تقریب ڈسٹرکٹ 3271 کی نئی قیادت کے باضابطہ آغاز کی بھی علامت بنی اس موقع پر ڈسٹرکٹ گورنر شہزاد صابر کے ہمراہ وائس گورنر پی ڈی جی ڈاکٹر آفتاب امام اور مینٹور پی ڈی جی محمد حنیف خان بھی موجود تھے تقریب میں ڈسٹرکٹ سیکریٹری عارف صدیقی، ایڈوائزرز ٹو گورنر سید کاشف رفیع، وقار احمد شیخ اور عتیقہ ولی، ڈپٹی گورنرز شعیب اسماعیل، پرویز مدرس والا اور امداد بھگیو، ڈسٹرکٹ لرننگ فیسلیٹیٹر انیلہ چوہدری، ڈسٹرکٹ ایڈیشنل سیکریٹری آصف مکانی، امپیکٹ کان 2027 کے چیئرمین شاہد اسماعیل، ڈسٹرکٹ ٹریژرر روی کمار، ڈسٹرکٹ جوائنٹ سیکریٹری شفقت علی، سرجینٹ ایٹ آرمز کیپٹن ساجد محمود اور ڈسٹرکٹ کے اسسٹنٹ گورنرز بھی شریک ہوئے یہ تمام رہنما آئندہ روٹری سال میں ڈسٹرکٹ 3271 کی قیادت اور خدمات کی ذمہ داری انجام دیں گے تقریب کی میزبانی روٹری کلب آف کراچی بے نے سابق ڈسٹرکٹ گورنر محمد حنیف خان کی قیادت میں کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ گورنر شہزاد صابر نے کہا کہ مزار قائد پر حاضری ہمیں اس عظیم مقصد کی یاد دلاتی ہے جس کے لیے ہم خدمت کا سفر اختیار کرتے ہیں قائد اعظم نے ہمیں نظم، اتحاد اور ایمان کی بنیاد پر ایک مضبوط قوم کی تعمیر کا پیغام دیا تھا، اور یہی جذبہ ہمارے روٹری سال کی بنیاد ہے روٹری انٹرنیشنل کی صدر اولائینکا اچے۔ بابالولا کے سالانہ نصب العین Create lasting Impact سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے ہم روٹری کے دائمی شعار Service Above Self کو عملی جامہ پہنانے اور سندھ و بلوچستان کی عوام کی زندگیوں میں دیرپا اور مثبت تبدیلی لانے کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے روٹری ڈسٹرکٹ 3271 سے وابستہ کلبز گزشتہ کئی برسوں سے سندھ اور بلوچستان میں سماجی خدمت کے نمایاں منصوبوں پر موثر انداز میں کام کر رہے ہیں

بقیہ 7

کا کام بھرپور انداز میں جاری ہے۔ میونسپل کمیٹی کے صفائی عملے نے مختلف علاقوں میں نالیوں کی صفائی، کچرے کی بروقت منتقلی اور صفائی کے دیگر امور انجام دیے۔ اس سلسلے میں سلیم داد ولی زون کے دوبی گاٹ محلہ میں نالیوں کی صفائی، عجب خان زون میں خطلہ مسجد روڈ پر نالیوں کی صفائی، باران زون میں جان محمد گلی کی نالیوں کی صفائی جبکہ عبدالخالق زون میں عیدگاہ قبرستان سے کچرا اٹھا کر صفائی مکمل کی گئی۔ اسی طرح شہر کے مختلف علاقوں سے کچرے کی بروقت منتقلی کے لیے ٹریکٹر ٹرالی اور سوزوکی گاڑیوں کے ذریعے صفائی آپریشن بھی جاری رکھا گیا تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کیا جا سکے۔ چیف آفیسر محبت اللہ بلوچ نے کہا کہ عوام کو بہترین بلدیاتی سہولیات کی فراہمی اور شہر کو صاف، خوبصورت اور صحت مند رکھنا میونسپل کمیٹی کی اولین ترجیح ہے

بقیہ 8

وندر شہر میں جیم، آداب، شاداب، سلام، سفینہ، سدا بہار، شکر، رتن، رجنی اور اسی نوعیت کی دیگر مضر صحت مصنوعات کی کھلے عام فروخت کے باعث نوجوان نسل تیزی سے گٹکے ماوے اور دیگر مضر صحت عادات کی جانب راغب ہو رہی ہے۔ ان اشیاء کا مسلسل استعمال منہ گلے اور دیگر جان لیوا بیماریوں کا سبب بن سکتا ہے۔ تاہم افسوسناک امر یہ ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور وندر پولیس کی جانب سے ان مصنوعات کی روک تھام کے لیے کوئی خاطر خواہ اقدامات دکھائی نہیں دے رہے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر حب جمعداد خان مندوخیل، اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن وندر سیف علی مغل، ایس ایچ او وندر عبدالحق موسیانی سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گٹکے ماوے کی تیاری میں استعمال ہونے والے مضر صحت اجزاء اور اسی نوعیت کی مصنوعات کی خرید و فروخت کے خلاف فوری سخت اور بلا امتیاز کریک ڈاؤن کیا جائے۔ ایسی مصنوعات کی سرعام فروخت میں ملوث افراد ان کے دکانوں اور گوداموں پر چھاپے مارے جائیں بھاری جرمانے عائد کرتے ہوئے دکانوں اور گوداموں کو سیل کیا جائے۔ تاکہ نوجوان نسل کو تباہی سے بچایا جائے اور عوامی صحت کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 9

کے تقدس اور علاقائی امن کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا نہ صرف غیر قانونی بلکہ انسانی اقدار اور عالمی ضابطوں کے بھی منافی عمل ہے، جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جا سکتا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ ایک بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ اور قانونی طور پر پابند معاہدہ ہے، جسے کوئی بھی فریق یکطرفہ طور پر معطل، منسوخ یا غیر مؤثر نہیں بنا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اس معاہدے کی روح بین الاقوامی تعاون، اعتماد اور خطے میں پائیدار امن کے فروغ سے وابستہ ہے، اس لیے اس کی خلاف ورزی نہ صرف جنوبی ایشیا بلکہ عالمی قانونی نظام کے لیے بھی تشویش کا باعث ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دریائے سندھ پاکستان کے عوام کی زندگی، زراعت، خوراک اور معیشت کی بنیاد ہے اور پاکستان کے عوام کو اپنے آبی وسائل پر ناقابل تنسیخ حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے پانی کو سیاسی دباؤ یا ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی ہر کوشش خطے کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان اپنے آبی حقوق کے تحفظ کے لیے بین الاقوامی قانون، سفارتی ذرائع اور متعلقہ عالمی فورمز پر اپنا موقف بھرپور انداز میں پیش کرتا رہے گا

بقیہ 10

شٹر ڈاؤن ہڑتال کا غیر معینہ مدت ہڑتال کو ختم کرا دیا اس موقع پر انجمن تاجران خاران کے صدر شیخ منیر احمد ودیگر عہدیداروں اور تاجران کی بڑی تعداد میں موجود تھے شیخ منیر احمد نے تاجران کی نمائندگی کرتے ہوئے کہا کہ تاجران اور کاروباری حضرات آئے دن چوری ڈکیتی کی وارداتوں سے شدید متاثر ہو چکے ہیں غیر معینہ مدت شٹر ڈاؤن ہڑتال شوق سے نہیں مجبوری سے کیا ہیں شہر میں چوری و ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے سے عوام اور تاجران کی جان و مال عدم تحفظ کا شکار ہوگی ہیں اگر چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار نہیں کیا جاتا تو خاران کے تمام تاجران سخت احتجاج کرکے پولیس تھانہ کے سامنے دھرنا دیا جائے گا اس موقع پر ڈی آئی جی پولیس رخشان رینج عبدالحئی بلوچ نے یقین دہانی کرائی کہ تاجروں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے دستیاب وسائل بروئے کار لائی جائے گی اور بھی کوشش ہوگی جلد از جلد چوری ڈکیتی میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جا گا اور پولیس فورس اپنی تمام تر توانائی خرچ کر کے خاران کو امن کا گہوارہ بنا کر عوام اور تاجران کے حفاظت کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کر گی عوام پولیس کے ساتھ تعاون کرے

بقیہ 11

اس کے حصے سے کم ملنے والے پانی کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے موقع پر سیکرٹری انٹرا پروونشل کوآرڈینیشن بالاچ بلوچ کو بلوچستان کے نہری نظام میں صوبے کے آئینی اور قانونی حصے کے زرعی پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے حوالے سے سیکرٹری آبپاشی بلوچستان سہیل الرحمن بلوچ نے بلوچستان کے جائز حصے کے پانی، نہری نظام اور موجودہ صورتحال کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر چیف انجینئر کینالز بلوچستان ناصر مجید، سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل نصیر آباد ڈویژن مدثر ظفر کھوسہ، سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمن بلوچ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان اور صوبائی وزیر آبپاشی کی ہدایات کی روشنی میں بلوچستان کے جائز حصے کے زرعی پانی کے حصول کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں اور سندھ و بلوچستان کے درمیان رابطہ کاری کے عمل کو مزید مؤثر اور تیز بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ دونوں صوبوں کے اریگیشن حکام ہفتہ وار بنیادوں پر زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کے حوالے سے اجلاس منعقد کریں گے تاکہ پانی کی دستیابی اور تقسیم کے نظام کو شفاف اور مؤثر بنایا جا سکیا انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال انتہائی تشویشناک ہے اور اگر بلوچستان کے گرین بیلٹ کو اس کے جائز حصے کے مطابق زرعی پانی فراہم نہ کیا گیا تو رواں سال صوبے میں کاشتکاری کا شعبہ شدید متاثر ہو سکتا ہے، جس کے منفی اثرات زرعی پیداوار اور کسانوں کی معیشت پر مرتب ہوں گے

بقیہ 12

دفتر میں بزرگ اور معذور افراد سے ملاقات کی، جہاں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے شہریوں نے اپنے انفرادی اور اجتماعی مسائل سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کی درخواستیں وصول کیں شکایات بغور سنیں اور متعلقہ محکموں کے افسران کو موقع پر ہی مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بروقت اور بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نجگ نے بزرگ اور معذور افراد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بزرگ ہمارے معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں جبکہ معذور افراد کی خدمت اور ان کے مسائل کا حل ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ان کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ان کے دفتر کے دروازے عوام کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں اور ہر آنے والے شہری کو بلا امتیاز انصاف اور سہولت فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

بقیہ 13

سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں ایجنڈے کے مطابق مختلف تنظیمی و تحریکی امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبہ بھر میں منعقد ہونے والے حلقہ ہائے درود و سلام کی تفصیلات باقاعدگی کے ساتھ چیئرمین حلقہ ؟ درود کو ارسال کی جائیں گی۔ مزید برآں، تسہیل القرآن کی لاہور میں تقریب رونمائی کے لیے تاریخ اور مقام کے حتمی تعین کی غرض سے صوبائی امیر کی قیادت میں تین رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی، جو دو روز میں اپنی سفارشات پیش کرے گی۔ شرکاء نے تنظیمی و تحریکی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ماہانہ اجلاسوں کے باقاعدہ انعقاد پر بھی اتفاق کیا۔ اجلاس کے اختتام پر تنظیم کی ترقی، ملک کی سلامتی اور امتِ مسلمہ کے اتحاد و استحکام کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 14

ادارے میں داخل افراد کے لیے کرکٹ، فٹبال، بیڈمنٹن سمیت مختلف کھیلوں کا سامان اور دیگر ضروری اشیاء فراہم کیں تاکہ انہیں صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جا سکے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے مائلو ٹرسٹ کے ذمہ داران سے تفصیلی ملاقات بھی کی، جس میں ادارے کی کارکردگی، درپیش مسائل، سہولیات اور مستقبل کی ضروریات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ادارے کے ذمہ داران نے اپنی تجاویز اور سفارشات پیش کیں، جن پر ڈپٹی کمشنر نے ہر ممکن تعاون اور مرحلہ وار عمل درآمد کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ معاشرے کے کمزور اور ضرورت مند طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔ انہوں نے زیر علاج افراد کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں مثبت طرز زندگی اپنانے، کھیلوں اور صحت مند سرگرمیوں میں حصہ لینے کی تلقین کی اور یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ فلاحی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھے گی۔

بقیہ 15

پر ایکسین روڈ شوکت علی پرکانی اور سب ڈویژنل آفیسر (ایس ڈی او) بشیر خان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے جاری منصوبوں میں استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل، کام کے معیار، رفتار، شفافیت اور مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا، جبکہ متعلقہ حکام سے منصوبوں کی تکمیل کے حوالے سے بریفنگ بھی حاصل کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد نعیم خان نے متعلقہ افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ تعمیراتی معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں میں معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، جبکہ تعمیراتی کام کے ہر مرحلے کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر آمد و رفت، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت عوامی وسائل کے شفاف اور مؤثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعمیراتی کاموں میں غفلت، ناقص معیار یا غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، اور ذمہ دار افسران و ٹھیکیداروں کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 16

فری میڈیکل کیمپ منعقد کیا جائے گا کیمپ صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک جاری رہے گا، جہاں مستحق اور نادار افراد کے لیے مفت طبی معائنہ، مفت ادویات اور ماہر ڈاکٹروں کی طبی مشاورت فراہم کی جائے گی اس موقع پر چیئرپرسن ڈاکٹر شاہین نے اپنے بیان میں کہا کہ عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے معاشرے کے غریب اور مستحق افراد تک صحت کی معیاری خدمات پہنچانا ہیومن رائٹس پروٹیکشن ویلفیئر آرگنائزیشن کا بنیادی مشن ہے، اور ایسے فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے انہوں نے کہا کہ ہیومن رائٹس پروٹیکشن ویلفیئر آرگنائزیشن ایک غیر منافع بخش فلاحی ادارہ ہے جو معاشرے کے محروم اور مستحق طبقات کی خدمت کے جذبے کے تحت مختلف سماجی اور انسانی فلاحی سرگرمیوں میں سرگرم عمل ہے اس موقع پر جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ ویسٹ، علی محمد صدیقی شجر دوست نے کہا کہ صحت مند معاشرہ ہی ترقی یافتہ قوم کی بنیاد ہوتا ہے انہوں نے مخیر حضرات، سماجی تنظیموں اور طبی شعبے سے وابستہ افراد سے اپیل کی کہ وہ اس فلاحی مشن میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق افراد مستفید ہو سکیں

بقیہ 17

قبائلی عمائدین اور دیگر مکاتب فکر سمیت عوام الناس نے بھرپور شرکت کی، کھلی کچہری میں ضلع کے تمام اداروں سے جڑے درپیش مسائل پر کھل کر گفتگو کی گئی، جبکہ عوام الناس نے کھلی کچہری کے انعقاد کو شفافیت اور میرٹ کا ایک انقلابی اقدام قرار دیتے ہوئے دلچسپی ظاہر کی، منعقدہ کھلی کچہری میں عوامی مسائل و مشکلات کو غور سے سنا گیا اور موقع پر موجود آفسران و حکام کو انکے مسائل فوری طور پر حل کرنے کے احکامات جاری کئے گئے، تاہم 3 گھنٹوں کے دورانیے پر مشتمل کھلی کچہری کے آخر میں اسسٹنٹ کمشنر نے عوام الناس کو یقین دلاتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ کھلی کچہری سے عوام اور اداروں کے درمیان فاصلے کم کرنے میں خاطر خواہ مدد ملے گی، اور عوام الناس حکومتی اقدامات کو میرٹ و شفافیت سے مانیٹر کر سکیں گے، انہوں نے تمام آفسران کو ہدایت کی کہ وہ کھلی کچہری میں پیش کردہ عوامی مسائل کو فوری طور پر حل کرنے کے لئے اقدامات اٹھاتے ہوئے اس ضمن میں عملدرآمدگی رپورٹ جلد از جلد پیش کیا جائے۔

بقیہ 18

لہر نے شہریوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے جبکہ محکمہ موسمیات نے آئندہ چند روز تک موسم گرم اور خشک رہنے کی پیش گوئی بھی کی ہے محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں درجہ حرارت معمول سے کئی ڈگری زیادہ ریکارڈ کیا گیا، جس کے باعث دن کے اوقات میں سڑکوں، بازاروں اور تجارتی مراکز میں معمول کی چہل پہل نمایاں طور پر کم رہی۔ دوپہر کے وقت تیز دھوپ اور گرم ہواؤں نے گرمی کی شدت میں مزید اضافہ کر دیا، جبکہ کھلے مقامات پر کام کرنے والے مزدور، ریڑھی بان، ٹریفک اہلکار اور دیگر محنت کش طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہوا ماہرین کے مطابق کوئٹہ اپنے نسبتاً معتدل موسم کی وجہ سے جانا جاتا ہے، تاہم حالیہ برسوں میں موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ 41.5 ڈگری سینٹی گریڈ کا ریکارڈ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ خطے میں موسمی تغیرات کے اثرات مزید شدت اختیار کر رہے ہیں، جس کے باعث شدید گرمی، خشک سالی اور پانی کی قلت جیسے مسائل میں اضافہ ہو سکتا ہے شدید گرمی کے باعث بجلی کی طلب میں بھی نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا، جبکہ شہری علاقوں میں پانی کی کھپت بڑھنے سے کئی مقامات پر پانی کی فراہمی متاثر ہونے کی اطلاعات بھی سامنے آئیں۔ شہریوں نے گرمی کی شدت کے باعث ٹھنڈے مشروبات، برف اور پنکھوں و ایئر کولرز کے استعمال میں اضافہ کر دیا، جس سے بازاروں میں بھی غیر معمولی رش دیکھنے میں آیا طبی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ موجودہ موسم میں ہیٹ اسٹروک، جسم میں پانی کی کمی (ڈی ہائیڈریشن)، کمزوری، چکر آنا اور دیگر موسمی بیماریوں کا خطرہ بڑھ جاتا ہے

بقیہ 19

کو عملی جامہ پہنانے کے لیے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ، بیوٹمز کے اشتراک سے آئندہ ماہ عالمی معیار کی بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو منعقد کرے گا، جو صوبے کی معاشی ترقی، سرمایہ کاری کے فروغ اور نوجوانوں کے لیے نئے روزگار اور کاروباری مواقع پیدا کرنے میں اہم سنگِ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار بیوٹمز میں منعقدہ بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو کے رضاکار طلبہ و طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم لاشاری، بیوٹمز کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میر وائس کاسی، رجسٹرار ڈاکٹر احسن اچکزئی، فیکلٹی ممبران اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ سرکاری شعبے میں تمام نوجوانوں کو ملازمت فراہم کرنا ممکن نہیں اس لیے نوجوان انٹرپرینیورشپ اور کاروبار کی جانب آئیں، ہم صوبے کی یوتھ کو مواقع اور تربیت فراہم کریں گے، انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے، سرمایہ کاری کے عمل کو آسان بنانے اور نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے تاکہ مقامی اور بین الاقوامی سرمایہ کار بلوچستان کے مختلف شعبوں میں اعتماد کے ساتھ سرمایہ کاری کر سکیں

بقیہ 20

کو ضلعی انتظامیہ نے رخشان ندی سے غیر قانونی طور پر ریتی بجری نکالنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جس کے دوران 16 افراد کو گرفتار کر کے 3 ٹریکٹر ضبط کر لیے گئے۔ انتظامیہ نے بتایا کہ گرفتار افراد کو تنبیہ کرنے کے بعد رہا کر دیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں کو تاکید کرتے ہوئے کہا کہ رخشان کور سے ریتی بجری نکالنے پر مکمل پابندی ہے، جس کسی نے بھی خلاف ورزی کیا تو اس کے خلاف قانونی کارروائی ہوگا

بقیہ 21

معاونت کرنا ہیں اس پروگرام کے تحت 40 گھرانوں میں پرچون شاپ کے سامان جبکہ مزید 40 گھرانوں میں بھیڑ بکریاں تقسیم کی گئی اس کا مقصد مستحق گھرانوں کو روزگار کے لئے مالی سپورٹ کرنا ہیں تاکہ صحت مند معاشرے کا حصہ بن سکیں تقریب کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خاران عمر جمالی تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خاران عمر جمالی نے کہا کہ بی آر ایس پی نے غیر سیاسی اور شفاف انداز سے غریبوں کو اس گرانٹ کے لئے چناو کیا ہیں جو قابل تعریف ہیں اور سول ایڈمنسٹریشن کی طرف سے ہمارا ہر وقت سپورٹ بی آر ایس پی کے ساتھ ہوگا انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان رائیز پروگرام کے تحت صوبے کے عوام کو اپنے پاوں پر کھڑا کرنے کے ایسے پروگرام جاری رکھے گی جس سے درجنوں خاندان اپنا روزگار خود کما سکیں گے بی آر ایس پی خاران کے پروگرام منیجر حاجی حمزہ قمبرانی نے کہا کہ یہ پروجیکٹ بلوچستان کے چھ اضلاع میں عمل درآمد کی جارہی ہیں اس میں نوجوانوں اور غریب خاندانوں کو ترجیحات میں شامل کی جا رہی ہیں ٹیکنیکل اور ووکیشنل سکلز کی تربیت پاکستان کے معتبر اداروں میں دی جائی گی اور کچھ نوجوانوں کو باقاعدہ بھیج چکے ہیں تقریب سے ڈسٹرکٹ نیٹ ورک کے صدر مقبول بلوچ جنرل سیکرٹری سفر خان راسکوئی بی آر ایس پی کے ضلعی مانیٹرنگ آفیسر سید یسین شاہ نے بھی خطاب کیا

بقیہ 22

۔ یونیورسٹی آف گوادر کے تیسرے سینٹ اجلاس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر، وائس چانسلر یونیورسٹی آف بلوچستان ڈاکٹر ظہور احمد بازئی، بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس نجم الدین مینگل، ایڈیشنل سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن مندوخیل، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد اور رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان سمیت تمام سینٹ ارکان موجود تھے۔ تیسرے سینٹ اجلاس کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ حکومت ہائیر ایجوکیشن کو فروغ دینے میں بڑی دلچسپی لے رہی ہے۔ ہمارا مقصد یونیورسٹی آف گوادر کو دنیا کی بہترین کوسٹل بیلٹ یونیورسٹیوں کی فہرست میں شامل کرنا ہے۔ گوادر یونیورسٹی کے اسٹریٹجک پلان 2026-30 میں صرف کوسٹل بیلٹ سے متعلقہ مضامین جیسے بلیو اکانومی، میرین سائنسز، فشریز، کوسٹل بیلٹ مینجمنٹ، اور ماحولیات شامل کیے گئے ہیں تاکہ اس کی امتیازی خصوصیت برقرار رہے۔ ہم گوادر یونیورسٹی کو پورے خطے کی بہترین کوسٹل بیلٹ یونیورسٹی بنانے کی خاطر دیگر شعبوں کے ماہرین سے بھی مدد اور رہنمائی حاصل کر رہے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ گوادر یونیورسٹی میں کوالٹی ایجوکیشن کے ساتھ ساتھ ووکیشنل ٹریننگ اور ڈپلومہ کورسز کا آغاز بہت شاندار ہے۔ ہم اس لئے ان ڈپلومہ کورسز کو خاص اہمیت دیتے ہیں کیونکہ یہ بیروزگار نوجوانوں کیلئے روزگار کے وسیع مواقع کو یقینی بناتے ہیں۔ یہ حوصلہ افزا ہے کہ گوادر یونیورسٹی میں طلباء کی کل تعداد میں سے تقریباً نصف مقامی خواتین ہیں۔ ایسے دور دراز اضلاع میں یہ ایک قابل ستائش کوشش ہے۔ یونیورسٹی کا بنیادی مقصد جدید علم پر مبنی تحقیق تیار کرنا ہے۔

بقیہ 23

لیا گیا اور پورٹس پیش کی گئی۔ تحصیل صدر کی رپورٹ تحصیل سیکرٹری نعیم پیر علیزئی، تحصیل کچلاغ رپورٹ تحصیل سیکرٹری ملک نادر کاکڑ اور تحصیل سٹی کی رپورٹ تحصیل سینئر معاون سیکرٹری شکور افغان نے پیش کی۔ اجلاس میں پارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ایگزیکٹوز صورت خان کاکڑ، سردار حیات میرزئی، اقبال خان بڑیزئی، حفیظ ترین، گل خلجی، ملک عمر کاکڑ نے شرکت کی۔ اجلاس میں پارٹی ضلع کوئٹہ میں تنظیم کو مزید منظم اور فعال بنانے کے حوالے سے ضلع ایگزیکٹیوز کے فیصلوں کی توثیق کی گئی اور پارٹی کی جاری تنظیمی سرگرمیوں میں تمام ضلعی عہدیداروں کی شرکت کو لازمی قرار دیا گیا۔ اس سلسلے میں تحصیل سٹی کے 21 علاقائی یونٹوں کے علیحدہ علیحدہ اجلاس منعقد ہوئے جبکہ دوسرے مرحلے میں تحصیل صدر کے ضلع ایگزیکٹیوز، ضلع کیبنٹ، تحصیل ایگزیکٹیوز، علاقائی ایگزیکٹیو کے مشترکہ اجلاسوں کو انعقاد کیا جائے اور اس سلسلے میں پہلا اجلاس 2 جولائی بروز جمعرات کو حاجی اللہ گل شمشوزئی کی رہائش گاہ پر صدر تحصیل سے منسلک 13 علاقائی یونٹوں کا مشترکہ اجلاس شام ساڑھے چار بجے منعقد ہوگا۔ منعقدہ اجلاسوں میں پارٹی کے فیصلوں اور تنظیمی امور کو مزید بہتر بنانے کے لئے عملدرآمد کئے جائینگے۔ تحصیل سیکرٹری سینئر معاونین اور تمام علاقائی یونٹس کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے تنظیمی سیاسی سرگرمیوں اور اجلاسوں کے رپورٹ کی رجسٹرڈ کاپی اپنے ہمراہ لائیں گے۔ اجلاس سے پارٹی رہنماوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا پشتون بلوچ مشترکہ دو قومی صوبہ آج بدترین بدامنی، خوف اور بے یقینی کی کیفیت سے دوچار ہے، زمینی حقائق حکومتی دعووں کی نفی کر رہے ہیں۔ کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں عوام کی جان، مال اور عزت محفوظ نہیں۔ عوام روزانہ جرائم، چوری، ڈکیتی، اغوا، قتل اور شاہراہوں پر عدم تحفظ کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ رات زرغون غرد لوائی سے 6 افراد کو اغوا کیا گیا۔ کوئٹہ کے ہنہ اوڑک کلی بیری کا المناک واقعہ، کچلاغ، غمبرگ، نوحصار اور دیگر علاقوں میں بڑھتی ہوئی بدامنی، اور سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی چشمہ میں نجی ہاسنگ اسکیم پر حملے کی اطلاعات عوام میں شدید تشویش پیدا کر رہی ہیں۔ اگر حکومت اپنی رٹ قائم ہونے کے دعوے کرتی ہے تو اسے عوام کے سامنے ان سوالات کے جواب دینے ہوں گے کہ شاہراہیں غیر محفوظ کیوں ہیں؟ عوامی املاک اور تعمیراتی منصوبے حملوں کی زد میں کیوں ہیں؟ جرائم پیشہ عناصر قانون کی گرفت سے باہر کیوں ہیں؟ اور متاثرہ شہری انصاف کے منتظر کیوں ہیں؟ آج تک کسی بھی واقعہ کا کوئی بھی ملزم عوام کے سامنے اور نہ ہی قانون کے کٹہرے میں لایا گیا ہے۔ جبکہ کچلاغ میں شہریوں سے گن پوائنٹ پر سرعام دن دہاڑے موٹر سائیکلیں چھین کر بعد میں پیسے لیئے جاتے ہیں، شہریوں کو زدوکوب، فائرنگ، زخمی کیا جاتا ہے لیکن پولیس ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کرتی۔ ہزار گنجی میں مکینوں نے چوروں کو رنگے ہاتھوں اسلحے سمیت گرفتار کیا لیکن پولیس ایف آئی آر کرنے میں ہچکچا رہی تھی اور عوامی نمائندوں کے اسرار اور احتجاج پر ایف آئی آر درج کر لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 کی بنیاد پر قائم نام نہاد حکومت کے ترجمانوں کے خوشامدانہ بیانات عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہیں

بقیہ 24

ہیں، میں لف ٹائل روڈ کی تعمیر کا کام حاجی گلاب خان جمالی کی نگرانی میں تیزی سے جاری ہے، جو جلد مکمل کر لیا جائے گا۔ اہلِ علاقہ نے ترقیاتی کاموں پر اطمینان اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے رکن قومی اسمبلی میر خان محمد خان جمالی اور میر قیس خان جمالی کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ عوام سے کیے گئے وعدوں کی عملی تکمیل کا واضح ثبوت ہے، جس سے شہریوں کو آمد و رفت کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی اور علاقے کی خوبصورتی میں بھی اضافہ ہوگا۔ علاقہ مکینوں نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی اسی جذبے کے ساتھ عوامی خدمت، ترقیاتی منصوبوں اور فلاحی کاموں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ علاقے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کا سفر مزید تیز ہو سکے۔

بقیہ 25

(DSM) کے ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر (PPHI) فرحان، محکمہ صحت کے متعلقہ افسران، میڈیکل سپرنٹنڈنٹس، ڈاکٹرز اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر کے سرکاری ہسپتالوں، دیہی مراکز صحت (RHCs)، بنیادی مراکز صحت (BHUs) اور دیگر طبی مراکز کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس دوران ادویات کی دستیابی، طبی آلات کی فعالیت، ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی حاضری، ایمرجنسی خدمات، زچہ و بچہ کی صحت، حفاظتی ٹیکہ جات، صفائی کی صورتحال اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) علی نواز جمالی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بروقت، معیاری اور بلا امتیاز طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام سرکاری صحت مراکز میں ڈاکٹرز اور طبی عملے کی سو فیصد حاضری یقینی بنائی جائے، ادویات کی مسلسل دستیابی برقرار رکھی جائے اور مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور پیشہ ورانہ رویہ اپنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ غیر حاضر عملے، ناقص کارکردگی اور عوامی شکایات کے حوالے سے کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ صحت کے اداروں کی باقاعدہ مانیٹرنگ کا عمل مزید مؤثر بنایا جائے گا تاکہ عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں

بقیہ 26

شناختی کارڈز کی جانچ پڑتال کی گئی تاکہ غیر قانونی طور پر مقیم افراد کی نشاندہی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انتظامیہ نے دور دراز علاقوں کا بھی دورہ کیا اور عوام کو ہدایت کی کہ چمن میں کسی بھی غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی شہری کو مکان، دکان یا کسی بھی قسم کی رہائش یا تجارتی جگہ کرایہ پر نہ دی جائے۔ اس حوالے سے واضح کیا گیا کہ سرکاری احکامات کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف مروجہ قوانین کے مطابق سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ قانون کی پاسداری کریں، انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشتبہ یا غیر قانونی سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں تاکہ ضلع میں امن و امان اور قانون کی عملداری کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

بقیہ 27

اور دیگر علاقوں میں ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتیں، شاہراہوں پر عدم تحفظ اور حکومتی رٹ کا تقریباً ختم ہو جانا انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ اور صوبہ اس وقت خون، خوف اور بے یقینی کی کیفیت سے گزر رہا ہے، جہاں شہریوں کی جان، مال اور عزت محفوظ نہیں رہی۔ رہنماؤں نے کہا کہ کوئٹہ کے ریڈ زون میں ممتاز تاجر ہاشم خان نورزئی کی دن دہاڑے شہادت اور ہنہ اوڑک کے پہاڑوں میں مسلح گروہوں کی موجودگی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ امن و امان کی صورتحال مسلسل بگڑ رہی ہے، جبکہ حکومت عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے بجائے محض بیانات، نمائشی سرگرمیوں اور تصویری مہم تک محدود دکھائی دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلند دیواروں اور سخت سیکیورٹی حصار میں رہ کر امن کے دعوے کرنا ان خاندانوں کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے جنہوں نے دہشت گردی اور بدامنی کے باعث اپنے پیاروں کو کھویا یا معاشی تباہی کا سامنا کیا۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ سیاسی مصلحتوں سے بالاتر ہو کر فوری، مؤثر اور نتیجہ خیز اقدامات کیے جائیں، ریاستی رٹ کو ہر قیمت پر بحال کیا جائے، عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے، شاہراہوں، تجارتی مراکز اور شہری علاقوں کو محفوظ بنایا جائے اور بلوچستان کے عوام کو خوف، عدم تحفظ اور مسلسل خونریزی کی فضا سے نجات دلانے کے لیے ٹھوس اور عملی حکمت عملی اختیار کی جائے، کیونکہ عوام اب دعوؤں اور یقین دہانیوں کے بجائے امن، انصاف اور مؤثر حکمرانی کے عملی ثمرات دیکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام تر صورتحال کا جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ جائزہ لے رہی ہے اور عوام کے خلاف کسی قسم کی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دے گی۔

بقیہ 1

کور کمانڈر نے کالج کے جدید تعلیمی نظام، اعلیٰ معیار کی تدریس، مثالی نظم وضبط اور انتظامیہ کی پیشہ ورانہ کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا دورے کے موقع پر گرلز کیڈٹ کالج کی طالبات سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ پاکستان کی ایک مثالی اور معیاری درسگاہ ہے جہاں زیر تعلیم طالبات ملک کا روشن مستقبل اور پاکستان کی بہترین سفیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ اس ادارے سے تعلیم حاصل کرنے والی طالبات زندگی کے ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائیں گی اور قومی تعمیر وترقی میں موثر کردار ادا کریں گی وزیر اعلیٰ نے طالبات پر زور دیا کہ وہ جس بھی شعبے میں جائیں، بلا جھجک پاکستانیت کا پیغام عام کریں اور ریاست پاکستان کی نمائندہ بن کر اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست پاکستان ہم سب کے لیے ہر شے سے مقدم اور عزیز ہے اور اسی ریاست نے ہمیں شناخت، عزت اور وقار عطا کیا ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ جس نے ریاست سے محبت اور وفاداری کی، اللہ تعالیٰ نے اسے عزت اور سربلندی عطا کی، جبکہ ریاست سے غداری کرنے والے ہمیشہ رسوا اور خوار ہوئے۔ انہوں نے طالبات کو تلقین کی کہ وہ ہر معاملے میں حقیقت اور پروپیگنڈے میں فرق کو سمجھیں، کیونکہ آج ریاست پاکستان کے خلاف منظم انداز میں جھوٹا اور گمراہ کن پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد نوجوان نسل کے ذہنوں کو متاثر کرنا ہے انہوں نے کہا کہ بعض جامعات میں قوم پرستی کی آڑ میں قائم بعض کونسلز معاونت اور رہنمائی کے نام پر معصوم طلبہ وطالبات کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ نوجوان ایسے عناصر سے دور رہیں اور اپنی تمام تر صلاحیتیں پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے وقف کریں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو عالمی معیار کی تعلیم فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور باصلاحیت طلبہ وطالبات کے لیے ہارورڈ، آکسفورڈ اور دیگر عالمی شہرت یافتہ جامعات تک رسائی کے مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں تاکہ بلوچستان کے نوجوان بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ ریاست مخالف عناصر بلوچ بچیوں کو خودکش حملوں جیسے سنگین جرائم کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، جو نہ صرف انسانیت بلکہ بلوچ روایات، اقدار اور قومی تشخص کے بھی سراسر منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ معاشرہ ہمیشہ علم، شعور، امن اور عزت نسواں کا علمبردار رہا ہے اور ان روایات کو ہر قیمت پر محفوظ رکھا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ جیسے معیاری تعلیمی ادارے بلوچستان اور پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے طالبات سے عہد لینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ وعدہ کریں کہ زندگی کے جس بھی شعبے میں جائیں گی، ریاست پاکستان کی سفیر بن کر پاکستانیت، اتحاد، امن اور ترقی کا پیغام عام کریں گی اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کے لیے 12 ملین روپے کی خصوصی گرانٹ کا اعلان بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس ادارے کی ذاتی سرپرستی کریں گے اور حکومت بلوچستان کے تعاون سے گرلز کیڈٹ کالج کو دنیا کے مثالی تعلیمی اداروں کی صف میں شامل کرنے کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جائیں گے تاکہ بلوچستان کی بیٹیاں بہترین تعلیمی ماحول میں اپنی صلاحیتوں کو مزید نکھار سکیں۔ دورے کے اختتام پر وزیر اعلیٰ بلوچستان اور کور کمانڈر بلوچستان نے گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ میں یادگاری پودا بھی لگایا۔

بقیہ 2

ارب کا ہدف تھا جبکہ وصولیاں 1 3 0 1 0 ارب کی ہوئیں۔ گزشتہ مالی سال میں انکم ٹیکس کی مد میں 6 ہزار 651 ارب 90 کروڑ روپے اکٹھے ہوئے جبکہ سیلز ٹیکس کی مد میں 4 ہزار 731 ارب 70 کروڑ روپے کے محصولات اکٹھے ہوئے۔ دستاویز کے مطابق فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں 840 ارب روپے کے محصولات اکٹھے ہوئے جبکہ کسٹمز ڈیوٹی کی مد میں 1 ہزار 385 ارب روپے 30 کروڑ روپے اکٹھے ہوئے، مجموعی طور پر گراس وصولیاں 13 ہزار 609 ارب روپے رہیں۔ ایف بی آر نے گزشتہ مالی سال 598 ارب 60 کروڑ روپے کا ریلیف فنڈ ادا کیا، ایف بی آر کی نیٹ وصولیاں 13 ہزار 10 ارب 30 کروڑ روپے رہیں۔ گزشتہ سال جون میں انکم ٹیکس مد میں 1 ہزار 48 ارب 50 کروڑ روپے کا ٹیکس حاصل ہوا، سیلز ٹیکس کی مد میں 111 ارب 30 کروڑ روپے کی وصولی ہوئی جبکہ فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں 95 ارب 20 کروڑ روپے اور کسٹمز ڈیوٹی کی مد میں 165 ارب روپے کی وصولیاں ہوئیں۔ دستاویز کے مطابق جون میں گراس ٹیکس وصولیاں 1 8 2 0 ارب 10 کروڑ روپے ہوئیں، ایف بی آر نے جون میں 43 ارب روپے اکٹھے کیے، اس طرح جون میں نیٹ وصولیاں 1 7 7 7 ارب روپے ہوئیں۔

بقیہ 3

رواں ہفتے ایران کا دورہ کریں گے، وزیر اعظم شہباز شریف جولائی کے پہلے ہفتے میں ایران کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق ایران کے دورے میں وزیر اعظم آیت اللہ علی خامنہ ای کی نماز جنازہ میں شرکت کریں گے اور پھر دورہ ایران مکمل کرنے کے بعد وزیر اعظم ترکیے بھی جائیں گے۔ دوسری جانب مجلس شوریٰ اسلامی ایران کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کے نام خط لکھتے ہوئے انہیں آیت اللہ خامنہ ای کی تعزیتی تقریب میں شرکت کی دعوت دی ہے۔ ایرانی اسپیکر نے پاکستانی عوام، اسپیکر ایاز صادق اور ارکان اسمبلی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ایرانی اسپیکر نے دونوں ممالک کے درمیان عزت ووقار اور باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ واضح رہے کہ ایران کے شہید سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کے لیے تعزیتی تقریب 3 جولائی 2026 کو تہران میں ہوگی۔

بقیہ 4

باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران ملک میں بین الصوبائی ہم آہنگی، تعاون کے فروغ اور قومی استحکام سے متعلق امور پر بھی گفتگو ہوئی اس موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ بین الصوبائی تعاون کے فروغ سے ملک کے استحکام اور ترقی کے لیے جاری کوششوں کو مزید تقویت ملے گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان موثر رابطہ اور تعاون قومی یکجہتی اور پائیدار ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔

بقیہ 5

۔روسی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان اور افغانستان مسلح تصادم کا خاتمہ کریں۔ روسی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان متنازع امور کو سیاسی اور سفارتی ذرائع سے حل کریں۔ واضح رہے کہ پاکستانی سیکیورٹی فورسز نے افغانستان سے آنے والے 4 ڈرونز کو کامیابی سے مار گرایا ہے۔

بقیہ 6

کانفرنس کے کامیاب انعقاد کیلئے تمام متعلقہ اداروں کو متحرک رہنے کی ہدایت کردی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کمیٹی کا چھٹا اجلاس ہوا جس میں خواتین سے متعلق اسلامی تعاون تنظیم کے وزارتی کانفرنس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کانفرنس کے ایجنڈا، سیکیورٹی، پروٹوکول اور لاجسٹکس پر غور کیا گیا۔ میڈیا حکمت عملی اور بین الوزارتی رابطوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ کانفرنس میں او آئی سی کے 57 رکن ممالک کے نمائندگان شریک ہوں گے۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے وزارت انسانی حقوق کی تیاریوں پر اظہار اطمینان کیا۔ تمام اداروں کو قریبی رابطہ برقرار رکھنے اور بروقت انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت بھی کردی۔

بقیہ 7

ہے، ایمرجنسی رسپانس کمیٹی میں وفاقی وزیر خزانہ مون سون کی ممکنہ تباہی کی صورت میں ہنگامی فنڈ کی تشکیل کے لیے پیشگی تیاری مکمل کریں، وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی زیر نگرانی نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اور دیگر متعلقہ وفاقی وزارتوں پر مشتمل ایمرجنسی رسپانس کمیٹی تشکیل دی جائیگی، غیر ملکی اداروں کی مالی معاونت کے تحت منصوبے بھی قومی ومقامی اداروں کی استعداد بڑھانے کے لیے استعمال ہونے چاہئیں، مون سون کے دوران تمام ادارے اپنی مکمل ادارہ جاتی وتکنیکی استعداد کار کو عوام کی سہولت کے لیے استعمال کریں۔ بدھ کو یہاں وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت مون سون سیزن کی پیشگی تیاری اور موسمیاتی تغیرات کی وجہ سے ماحولیاتی خطرات سے نبرد آزما ہونے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیر اعظم نے موسمیاتی تغیر اور مون سون کی ممکنہ تباہی سے یقینی بچاؤ کے لیے تمام وفاقی اور صوبائی متعلقہ وزارتوں اور اداروں کو مکمل ہم آہنگی کے ساتھ موثر تعاون اور جامع حکمت عملی کے تحت کام کرنے کی ہدایات دیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ موسمیاتی تغیرات جیسے قومی خطرات سے بطریق احسن نبرد آزما ہونے کے لئے باہمی تعاون اور ہنگامی اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات سے متاثرہ ممالک میں شامل ہے، موسمی تغیرات کے قومی سطح کے خطرات سے نبرد آزما ہونے کے لیے وفاقی اور صوبائی سطح پر موثر اور جامع تعاون ناگزیر ہے۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی، اور چیئرمین نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی تمام صوبوں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کا اس ہفتہ ہنگامی دورہ کریں گے تاکہ مون سون کی پیشگی تیاری مکمل کی جا سکے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی زیر نگرانی نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اور دیگر متعلقہ وفاقی وزارتوں پر مشتمل ایمرجنسی رسپانس کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو صوبائی متعلقہ اداروں سے عملی تعاون کے لیے کام کرے گی۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی میں وفاقی وزیر خزانہ مون سون کی ممکنہ تباہی کی صورت میں ہنگامی فنڈ کی تشکیل کے لیے پیشگی تیاری مکمل کریں۔ وزیر اعظم کی ہدایت۔ وزیر اعظم نے کہا کہ غیر ملکی اداروں کی مالی معاونت کے تحت منصوبے بھی قومی ومقامی اداروں کی استعداد بڑھانے کے لیے استعمال ہونے چاہئیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ قومی آبی تحفظ وسلامتی کے لیے وفاقی حکومت نے اس سال مالی بجٹ میں آبی منصوبوں کی جلد تکمیل کے لیے 330 ارب روپے کی اضافی رقم مختص کی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ماضی کے تجربات کی روشنی میں اس سال مون سون سیزن میں ممکنہ سیلابی صورتحال اور خطرات سے بچاؤ کے لیے اقدامات جامع روڈ میپ کے تحت ترتیب دیئے جائیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ تمام صوبے مقامی سطح پر خطرے سے دوچار اضلاع میں دریاؤں کی گزرگاہوں اور سیلاب کی ممکنہ راستوں میں ناجائز تجاوزات اور دیگر مسائل کا پیشگی موثر حل یقینی بنائیں۔ شہباز شریف نے ہدایت کی کہ مون سون کے دوران تمام ادارے اپنی مکمل ادارہ جاتی وتکنیکی استعداد کار کو عوام کی سہولت کے لیے استعمال کریں۔ اجلاس میں چیئرمین نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے اس سال مون سون کی پیشگی تیاری اور ممکنہ بارشوں اور سیلابی صورتحال اور موسمیاتی تغیر کے رجحان پر بریفنگ دی۔ بتایا گیا کہ دنیا بھر میں اس سال گرمی کی شدید لہر اور غیر معمولی موسمیاتی تغیرات کے امکانات واضح ہیں۔ نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے کہا کہ پاکستان میں بھی گرمی کی شدید لہر اور جولائی کے مہینے میں غیر معمولی بارشیں متوقع ہیں جن کے لیے مجوزہ حکمت عملی کے تحت تمام درکار انتظامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں چیئرمین نیشنل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے اس سال مون سون سیزن کی پیشگی تیاری اور عملی اقدامات پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ احسن اقبال، وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد لغاری، وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، مشیر وزیر اعظم برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ، وزیر مملکت خزانہ اظہر بلال کیانی، چیئرمین این ڈی ایم اے، چیئرمین واپڈا اور تمام صوبوں کے چیف سیکرٹریز اور دیگر متعلقہ سرکاری اداروں کے عہدیداران نے شرکت کی

بقیہ 8

آمدن پر ٹیکس کی شرح برقرار ہے۔ نئے بجٹ میں 50 کروڑ سالانہ آمدنی پر سپر ٹیکس ختم کردیا گیا ہے، اس سے پہلے 50 کروڑ روپے آمدن پر ایک سے ساڑھے 7 فیصد تک سپر ٹیکس لاگو تھا۔ اسی طرح 50 کروڑ سے زائد آمدن والے افراد یا کمپنیوں پر اب 8 فیصد سپر ٹیکس لاگو ہوگا، اس سے پہلے 50 کروڑ سے زائد آمدن پر سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد تھی، 15 کروڑ روپے سے زیادہ سالانہ آمدن والے بعض افراد اور کمپنیوں پر 10 فیصد سپر ٹیکس برقرار رکھا گیا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے بینکنگ اور آئل اینڈ گیس ایکسپلوریشن کمپنیوں پر 10 فیصد اور کھاد کی فروخت سے آمدن حاصل کرنے والوں پر 10 فیصد سپر ٹیکس برقرار ہے۔

بقیہ 9

موصول ہونا تھے تاہم صرف 91 ارب روپے جاری کیے گئے جس کے باعث صوبے کو 85 ارب روپے کی کمی کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے یہ بات این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی میں سندھ کے پہلے گوگل جیمنائی فار ایجوکیشن کارنر کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ مالی امور سے متعلق ایک سوال کے جواب میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نظرثانی شدہ بجٹ تخمینوں کے مطابق سندھ کو جون کے اختتام تک وفاقی حکومت سے 175 ارب روپے ملنے تھے، لیکن صرف 91 ارب روپے جاری کیے گئے، جس کے نتیجے میں تقریباً 85 ارب روپے کی کمی واقع ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ فنڈز کی کم منتقلی سے صوبائی مالی وسائل اور ترقیاتی منصوبوں پر اضافی دباؤ پڑا ہے۔ بلدیاتی اصلاحات کے حوالے سے مراد علی شاہ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے سندھ میں ہمیشہ بلدیاتی اداروں کو مضبوط بنانے کے لیے کام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن صوبوں میں بلدیاتی نظام موجود نہیں وہاں سے ہونے والی تنقید بے بنیاد ہے۔ وزیر اعلیٰ نے انٹیلی جنس کی بنیاد پر سیکیورٹی اقدامات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت ٹیکنالوجی کے فروغ اور ڈیجیٹل جدت کے لیے پرعزم ہے۔ شہری ترقی کے لیے وفاقی رابطہ ادارہ قائم کرنے کی تجاویز سے متعلق سوال کے جواب میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سندھ کو کسی بھی رابطہ کار وفاقی ادارے کے قیام پر کوئی اعتراض نہیں۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ آئین کے تحت منتقل کیے گئے محکموں پر انتظامی اختیارات صوبوں کے پاس ہیں اور وہ انہی کے پاس رہنے چاہئیں۔ ایک سوال کے جواب میں مراد علی شاہ نے کہا کہ اس وقت کسی مخصوص دہشت گردی کے خطرے کی اطلاع نہیں ہے تاہم سندھ حکومت نے نئے ادارے قائم کرکے اور متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ مزید موثر بنا کر اپنے انٹیلی جنس اور سیکیورٹی نظام کو نمایاں طور پر مضبوط کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی، خصوصاً خودکش حملوں کی روک تھام کے لیے انٹیلی جنس پر مبنی کارروائیاں انتہائی اہم ہیں کیونکہ بروقت معلومات اور تجزیے کے بغیر ایسے حملوں کو روکنا نہایت مشکل ہوتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اگرچہ اس وقت کوئی مخصوص سیکیورٹی خطرہ موجود نہیں، تاہم صوبائی حکومت سندھ بھر میں عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مکمل طور پر الرٹ اور چوکس ہے۔ مراد علی شاہ نے صوبے کے مختلف علاقوں، خصوصاً کراچی میں طویل دورانیے کی بجلی کی لوڈشیڈنگ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بعض علاقوں میں 12 سے 18 گھنٹے تک بجلی کی بندش شہریوں کے لیے شدید مشکلات کا باعث بن رہی ہے۔ انہوں نے صورتحال کے فوری تدارک کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے اس امر پر بھی تشویش ظاہر کی کہ بعض پابندیوں کے باعث صوبوں کو ونڈ اور سولر توانائی کے منصوبے آزادانہ طور پر تیار کرنے سے روکا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ میں قابل تجدید توانائی کے بے پناہ وسائل موجود ہیں اور صوبے کو صاف اور پائیدار توانائی کے منصوبے آگے بڑھانے کے لیے سہولت فراہم کی جانی چاہیے۔ وفاقی آئینی ڈھانچے کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اٹھارہویں آئینی ترمیم کے تحت صوبوں کو منتقل کیے گئے اختیارات آئینی ترمیم کے بغیر واپس نہیں لیے جا سکتے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ترمیم وفاق کو مضبوط بنانے اور صوبوں کو بااختیار بنانے کے لیے ایک تاریخی قومی اتفاق رائے کی علامت ہے۔ آخر میں وزیر اعلیٰ نے این ای ڈی یونیورسٹی میں قائم کیے گئے نئے گوگل مصنوعی ذہانت روم کو طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی کی مہارتوں سے آراستہ کرنے اور سندھ کے جدت پر مبنی ترقیاتی وژن کو آگے بڑھانے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔

بقیہ 10

تحت براڈ بینڈ انٹرنیٹ کی رسائی اور ڈیجیٹل سروسز میں توسیع کی جائے گی، تاہم 2031 تک مزید 21 لاکھ افراد کو براڈ بینڈ انٹرنیٹ سے منسلک کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، پنجاب میں فکسڈ براڈ بینڈ کو بیج 78 لاکھ سے بڑھا کر 9 9 لاکھ افراد تک پہنچانے کا منصوبہ ہے۔ منصوبے کے تحت پنجاب میں ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کیلئے 5 کروڑ ڈالر کی نجی سرمایہ کاری متوقع ہے، جبکہ رائٹ آف وے اجازت ناموں کا دورانیہ 90 دن سے کم کرکے 21 دن کرنے کا ہدف ہوگا، 2031 تک 2 کروڑ 89 لاکھ افراد کو بہتر ڈیجیٹل سرکاری خدمات فراہم کی جائیں گی۔ عالمی بینک کے مطابق خواتین کی ڈیجیٹل سرکاری خدمات تک رسائی 19 فیصد سے بڑھا کر 30 فیصد کرنے کا ہدف منصوبے کا حصہ ہے، تاہم پنجاب میں اے آئی سے چلنے والی سرکاری خدمات کیلئے جدید ڈیجیٹل انفراسٹرکچر قائم کیا جائے گا۔ ڈیجیٹل انوائس مینجمنٹ سسٹم اور کیش لیس ادائیگیوں کے فروغ کیلئے نئے اقدامات کیے جائیں گے، پروگرام کے تحت 2031 تک ساڑھے 3 لاکھ افراد کو کیش لیس ادائیگی کے نظام سے فعال طور پر منسلک کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ عالمی بینک کے مطابق پنجاب کا منصوبہ پاکستان کے قومی ڈیجیٹل اور اے آئی وژن سے ہم آہنگ ہے، 70 ملین ڈالر کی عالمی مالی معاونت ہو چکی ہے، تاہم پنجاب حکومت 208 ملین ڈالر بطور شراکتی فنڈ فراہم کرے گی، جبکہ کنیکٹڈ پنجاب پروگرام کی مجموعی مالیت 27 کروڑ 80 لاکھ ڈالر مقرر ہے۔

بقیہ 11

دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس حادثے میں 14 معصوم بچوں کا جاں بحق ہونا انتہائی دلخراش سانحہ ہے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں نواز شریف نے کہا کہ یہ ننھے پھول قوم کا مستقبل تھے اور ان کی المناک موت پر انہیں دلی رنج ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ان کی تمام تر ہمدردیاں سوگوار خاندانوں کے ساتھ ہیں۔ نواز شریف نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے انہیں آگاہ کیا ہے کہ وہ اس افسوسناک واقعے کی شفاف، غیر جانبدارانہ اور مکمل انکوائری کرانے کے لیے پرعزم ہیں تاکہ ذمہ داروں کا تعین کرکے انہیں قرار واقعی سزا دی جا سکے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق بچوں کو جوار رحمت میں جگہ، زخمیوں کو جلد اور کامل شفا، جبکہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 12

پاکستان بھر کے تمام پاسپورٹ دفاتر میں کیش لیس ٹرانزیکشنز کا نظام مکمل طور پر فعال کر دیا گیا ہے، اس اہم اقدام کے بعد شہریوں کو فیس جمع کرانے کے لئے گھنٹوں انتظار اور طویل قطاروں کی زحمت سے مستقل نجات مل گئی ہے۔ وزیر داخلہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر جاری اپنے بیان میں بتایا کہ یہ اہم اصلاحاتی قدم وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایات پر اٹھایا گیا ہے جسے پاسپورٹ ٹیم نے کامیابی سے مکمل کرکے عوام کے لئے پیش کر دیا ہے۔ انہوں نے اس سنگ میل کو پبلک سروسز کو تیز تر، شفاف اور شہریوں کے لئے زیادہ سے زیادہ آسان بنانے کی جانب ایک بڑا قدم قرار دیتے ہوئے پوری پاسپورٹ ٹیم کی کارکردگی کو سراہا اور مستقبل میں ایسے مزید اہداف حاصل کرنے کا عزم ظاہر کیا۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق عوام کی سہولت کے لئے متعارف کرائے گئے اس جدید نظام کے تحت اب شہری صرف ایک منٹ میں فیس ادا کر کے اپنا پاسپورٹ بنوا سکتے ہیں۔ شہریوں کو اب دفاتر میں نقد رقم دینے کی ضرورت نہیں ہوگی بلکہ وہ وہاں موجود کیو آر کوڈ کو سکین کرکے اپنے موبائل میں موجود کسی بھی بینکنگ ایپ یا ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے فیس ادا کر سکیں گے، اس ڈیجیٹل نظام کے تحت شہریوں کو دن رات چوبیس گھنٹے (24/7) ادائیگی کی سہولت میسر ہوگی۔ کیو آر کوڈ کے ذریعے ہونے والی یہ ادائیگی نہ صرف انتہائی محفوظ اور تیز ترین ہے بلکہ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ فیس منتقل ہوتے ہی سسٹم کے ذریعے اس کی فوری تصدیق بھی ہو جاتی ہے۔ اس جدید سروس کے بارے میں مزید معلومات کے لئے شہری محکمے کی آفیشل ویب سائٹ یا ہیلپ لائن نمبر پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ 13

اکبر، وزیر اعظم آزاد کشمیر اور صدر پیپلز پارٹی آزاد کشمیر چودھری محمد یاسین شریک ہوئے۔ اجلاس میں آزاد کشمیر کی سیاسی صورتحال اور آئندہ انتخابات سے متعلق حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ اس موقع پر بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمت اور مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر میں آئندہ انتخابات کا بگل بج چکا ہے کارکنان جوش و خروش سے پارٹی کی انتخابی مہم چلائیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی انتخابات میں کامیابی حاصل کرکے ترقی اور خوشحالی کا سفر جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی فلاح و بہبود، گڈ گورننس، شفافیت اور ترقیاتی عمل کو مزید موثر بنائے گی۔ انہوں نے پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں کو ہدایت کی کہ عوام سے اپنے روابط مزید مضبوط کریں اور پارٹی کے نظریے اور پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق، جمہوریت اور آئین کی بالادستی کے لیے قربانیاں دی ہیں اور آئندہ بھی یہ جدوجہد پوری قوت کے ساتھ جاری رہے گی۔

بقیہ 14

سے سردار تنویر الیاس نے بتایا کہ اپنا استعفیٰ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو ارسال کردیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پارٹی ٹکٹوں کی تقسیم پر اختلافات کے بعد سردار تنویر الیاس نے علیحدگی کا فیصلہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی زیر صدارت زرداری ہاؤس اسلام آباد میں اجلاس منعقد ہوا تھا۔ اجلاس میں آزاد جموں و کشمیر امور کی انچارج فریال تالپور، قائم مقام صدر چوہدری لطیف اکبر، وزیر اعظم آزاد کشمیر اور صدر پیپلز پارٹی آزاد کشمیر چوہدری محمد یاسین شریک ہوئے تھے۔ اجلاس میں آزاد کشمیر کی سیاسی صورت حال اور آئندہ انتخابات سے متعلق حکمت عملی پر غور کیا گیا تھا۔

بقیہ 15

کونسل کی دفاع وسلامتی کمیٹی کے پہلے نائب چیئرمین اور پاکستان کی سینیٹ کے ساتھ تعاون کیلئے قائم فیڈریشن کونسل گروپ کے سربراہ ولادیمیر چیژوف سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ پاکستان اور روس کے مابین پارلیمانی تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پارلیمانی روابط دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اس موقع پر قانون سازی، پارلیمانی وفود کے تبادلوں اور باہمی تعاون کے مختلف شعبوں میں روابط بڑھانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں پاکستان اور روس کے درمیان مسلسل فروغ پاتے ہوئے تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ دونوں ممالک پارلیمانی سفارت کاری کے ذریعے دوطرفہ تعاون، باہمی اعتماد اور تعمیری مکالمے کو مزید وسعت دینے کیلئے مل کر کام جاری رکھیں گے۔

بقیہ 16

گئی۔ تھانہ صادق آباد میں درج مقدمہ میں نامزد ملزمہ علیمہ خان اپنے وکیل فیصل ملک کے ہمراہ عدالت پیش ہوئیں۔ وکیل صفائی نے 342 کا بیان جمع کرانے کیلئے عدالت سے مہلت مانگتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ سوالنامہ کے جواب کے ساتھ ہم نے کچھ دستاویزات بھی پیش کرنی ہیں جس پر عدالت نے علیمہ خان کے وکیل کی استدعا منظور کرلی جبکہ آئندہ سماعت پر مقدمہ میں نامزد تین ملزمان کے 3 4 2 کے بیانات بھی طلب کر لیے۔ اے ٹی سی کے جج امجد علی شاہ نے مقدمہ کی مزید سماعت جمعہ 3 جولائی تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ عدالت نے علیمہ خان کو 37 سوالات پر مشتمل سوالنامہ گزشتہ سماعت پر فراہم کیا تھا۔ عدالت کے باہر گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا کہ عدالتوں میں صرف کارروائیاں ہو رہی ہیں ہمیں کسی عدالت سے انصاف نہیں ملنا یہ ہمیں پتہ ہے، ہم ان کے تمام جرائم، آئینی وقانونی خلاف ورزیاں صرف ریکارڈ پر لا رہے ہیں، 26 اور 27 ویں ترامیم سے عدالتیں حکومتی ماتحت ادارہ بن چکی ہیں، ہمیں وزیر داخلہ کی طرف سے کہا گیا ہے کہ عدالت سے دو ہفتوں کا وقت لے کر دیتے ہیں بادشاہ سلامت وزیر داخلہ خود کہتے ہیں عدالتوں نے کب سزا اور کب ریلیف دینا ہے؟ فیصلہ انہیں کرنا ہے۔ علیمہ خان نے کہا کہ یہ چاہتے ہیں نورین خان سے ایک رسمی ملاقات کرائیں پھر 6 ماہ بانی کو قید تنہائی میں ڈال دیں، ہم بھائی سے رسمی ملاقات نہیں ان کے تمام آئینی حقوق بحالی چاہتے ہیں جس کو گرفتار کرنا، سزا دینی ہے دے دیں، ڈٹے رہیں گے، ان سب نے تو مشکل وقت پر پہلے جہاز سے بیرون ملک بھاگ جانا ہے، محسن نقوی نے پیغام بھیجا نورین خان درخواست دے جمعرات کو بھی ملاقات کرا دیں گے ہم بھائی کے تمام حقوق بحالی مطالبہ کرتے ہیں پارٹی بھی یہی موقف اختیار کرے۔ علیمہ خان نے کہا کہ ہر جمہوری ملک میں پرامن احتجاج آئینی قانونی حق ہوتا ہے، ہم اپنے مطالبات پر کھڑے تھے، کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے۔ میڈیا سے گفتگو میں وکیل صفائی فیصل ملک نے کہا کہ علیمہ خان کے صفائی کے بیان کے ساتھ دستاویزات ور یکارڈ لگا رہے ہیں، محسن نقوی، عطا تارڑ، عظمیٰ بخاری کو بطور گواہ طلبی ہائی کورٹ اپیل دائر کر رہے ہیں، بادی النظر میں علیمہ خان کے خلاف کوئی الزام ثابت نہیں ہوا۔

بقیہ 17

بوجھ وفاق اور صوبے مل کر اٹھائیں اس کے علاوہ عالمی زرعی آمدن پر ٹیکس وصولی اور پراپرٹی ٹیکس کے یکساں نفاذ پر بھی زور دیا ہے۔ عالمی بینک نے وفاقی مالیاتی نظام مضبوط بنانے سے متعلق جاری کردی ہے۔ رپورٹ میں این ایف سی ایوارڈ اور اضافی مراعات کو کارکردگی، شفافیت، مالی نظم وضبط اور بہتر خدمات سے جوڑنے کی سفارش کی گئی ہے۔ عالمی بینک نے قرضوں کی ادائیگی، انفراسٹرکچر، سماجی تحفظ، سیکیورٹی اور ماحولیاتی منصوبوں میں پیش رفت کیلئے باہمی تعاون پر زور دیا ہے، ترقی کیلئے مالیاتی نظام کی مضبوط وفاقیت پر جاری رپورٹ کے مطابق 18 ویں آئینی ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ سے صوبوں کی ذمہ داریوں اور ریونیو میں اضافہ ہوا لیکن قومی مالیاتی نظام میں کمزوریاں برقرار ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ وفاقی اخراجات میں کمی نہیں آئی، 2010 سے 2024 کے دوران صوبائی ریونیو 4 فیصد سے بڑھ کر 6.5 فیصد ہوگیا، مقامی حکومتوں کے اخراجات 10 فیصد سے کم ہوکو صرف 5 فیصد تک محدود ہو چکے لیکن مالی نظم وضبط، ریونیو اور صحت وتعلیم سمیت عوام کو سہولیات کی فراہمی کے چیلنجز برقرار ہیں۔ عالمی بینک کے مطابق صوبوں کے پاس دستیاب اضافی فنڈز میں سے 80 فیصد تنخواہوں اور پنشنز جیسے جاری اخراجات پر خرچ ہو جاتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق زراعت کا جی ڈی پی میں شیئر 20 فیصد سے زائد لیکن بڑا حصہ ٹیکس نیٹ سے باہر ہے، زرعی آمدن پر ٹیکس کے موثر نفاذ اور پراپرٹی ٹیکس کے یکساں نظام پر زور دیا گیا ہے۔ عالمی بینک کے مطابق پاکستان کی 9.9 کی ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح ناکافی اور خطے میں کم ترین ہے ایتھوپیا میں یہ شرح 10.2، انڈونیشیا میں 10.3، مصر اور میکسیکو میں 12.6، ویتنام میں 14.3، بھارت میں 16.8 اور ترکی میں 17.5 فیصد ہے۔ رپورٹ میں پاکستان کا ٹیکس نظام یکساں بنانے، جی ایس ٹی نظام ہم آہنگی پر بھی زور دیا گیا ہے

بقیہ 18

ایشن اتھارٹی نادر شفیع ڈار کے دستخط سے سرٹیفکیٹ جاری کیا گیا۔ ساؤتھ ایئر آئندہ چند روز میں اپنا فلائٹ آپریشن شروع کرے گی۔ وزارت دفاع اور ڈی جی سول ایوی ایشن اتھارٹی نے سرٹیفکیٹ میں مکمل تعاون کیا۔ ڈی جی نادر شفیع ڈار کے مطابق ملکی ایوی ایشن کے فروغ میں سی اے اے اپنا بہترین کردار ادا کرتا رہے گا۔ ساؤتھ ایئر پاکستان بھر کے تمام ایئرپورٹس پر اپنی پروازیں چلائے گی۔ ساتھ ایئر نے نیو گوادر ایئرپورٹ اور سکھر ایئرپورٹ کے لیے ٹیسٹ فلائٹ چلائی تھی۔ سول ایوی ایشن انسپکٹرز نے پرواز کے دوران جانچ پڑتال کی تھی۔

بقیہ 19

ساز اسمبلی کے انتخابات 2026 کیلئے جیالے انتخابی امیدواروں کے مزید ناموں کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی نے ایل اے-15 وسطی باغ سے سردار ضیاء القمر کو اپنا انتخابی امیدوار نامزد کردیا، پاکستان پیپلز پارٹی نے ایل اے-22 پاچھیوٹ، ضلع راولاکوٹ سے سردار احمد صغیر کو اپنا انتخابی امیدوار نامزد کردیا، پاکستان پیپلز پارٹی نے ایل اے-25 اپر نیلم، ضلع نیلم سے عبد الوحید کو اپنا انتخابی امیدوار نامزد کردیا

بقیہ 20

جاری مذاکرات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ قطری وزارت خارجہ کے مطابق وزیر اعظم نے ملاقات کے دوران قطر کی ثالثی کی کوششوں کا اعادہ کیا اور مفاہمتی یادداشت کے مطابق مذاکرات کی حمایت کا اظہار کیا۔ ملاقات میں خطے کی تازہ صورتحال پر بات چیت ہوئی، جبکہ لبنان میں جاری جنگ بندی کی پیشرفت پر بھی غور کیا گیا۔ وزارت خارجہ کے بیان کے مطابق ایرانی اور امریکی تکنیکی وفود کی بات چیت مختلف سطحوں پر جاری ہے اور یہ اجلاس مختلف مقامات پر ثالثوں کی موجودگی میں ہو رہے ہیں تاکہ مذاکرات کا تسلسل برقرار رہے، خواہ وہ دوحہ میں ہوں یا کسی اور مقام پر۔ ایران اور امریکہ کے درمیان کوئی اعلیٰ سطحی براہ راست ملاقات جاری نہیں ہے، تاہم تکنیکی اور ثالثی سطح پر رابطے برقرار ہیں۔

بقیہ 21

، دونوں ممالک کے اعلیٰ حکام کے درمیان فی الحال کوئی براہ راست ملاقات شیڈول نہیں ہے۔ عرب ٹی وی کی رپورٹس کے مطابق ذرائع کا کہنا تھا کہ دوحہ میں جاری ان مذاکرات کے لیے کم از کم تین ورکنگ گروپس تشکیل دیے گئے ہیں، جو مختلف اہم امور پر تکنیکی سطح پر بات چیت کر رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ان مذاکرات میں جوہری پروگرام، سفارتی معاملات، مالیاتی امور اور منجمد فنڈز کی واپسی سمیت مختلف معاملات پر غور کیا جا رہا ہے۔ ان اجلاسوں میں امریکی اعلیٰ شخصیات براہ راست شریک نہیں ہو رہیں۔ ذرائع کے مطابق امریکی نمائندہ اسٹیو وٹکوف اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر نے گزشتہ روز قطری وزیر اعظم شیخ محمد بن عبدالرحمن آل ثانی سے ملاقات کر کے تکنیکی مذاکرات کی راہ ہموار کی تھی، تاہم وہ آج ہونے والے اجلاسوں میں شریک نہیں ہیں۔۔۔۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ جاری مذاکرات کو درست سمت میں قرار دیتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کو جوہری ہتھیاروں سے پاک کرنے کا عمل بھی بخوبی آگے بڑھ رہا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان معاملات درست جا رہے ہیں اور قطر میں حالیہ ملاقات اچھی رہی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایران کو جوہری توانائی سے پاک کرنے کا عمل درست انداز میں آگے بڑھ رہا ہے، ان کے ساتھ بہت اچھی ملاقاتیں ہوئی ہیں اور آگے دیکھیے کیا ہوتا ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ ہم بہت اچھے طریقے سے چل رہے ہیں، ایران طویل سفر طے کر کے آیا ہے، میرے خیال میں وہ خوش ہیں۔ رپورٹ میں باوثوق ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا کہ امریکا اور ایران کے درمیان بدھ کو قطر کے دارالحکومت دوحہ میں تکنیکی مذاکرات ہوئے جہاں انہوں نے آبنائے ہرمز سے جہازوں کی آمد ورفت، پائیدار جنگ بندی پر تبادلہ خیال کیا۔ قطر میں ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر اور خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف نے قطری وزیر اعظم سے بھی ملاقات کی جو پاکستان کے ساتھ ان مذاکرات میں ثالث کا کردار ادا کر رہے ہیں، ملاقات میں مذاکرات کے حوالے سے جزیات پر بات کی گئی لیکن ذرائع سے بتایا کہ وہ خود مذاکرات میں شریک نہیں ہوں گے۔۔۔۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ مفاہمتی یادداشت میں طے شدہ شرائط پوری ہونے تک ایران مزید مذاکرات میں شامل نہیں ہوگا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ ایران کی جانب سے جاری موجودہ ملاقاتوں کا مقصد ایم او یو کے تحت کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ لبنان، ایران، امریکا، لبنان میں جنگ کے خاتمے کی نگرانی کے لیے ایک مشترکہ کمیٹی قائم کریں گے۔ اسپیکر باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ مفاہمتی یادداشت کے مطابق آبنائے ہرمز سے بغیر کسی لاگت کے گزرنے کی اجازت صرف 60 دن کے لیے ہوگی، ایران آبنائے ہرمز میں اپنے حقوق پر کبھی سمجھوتا نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز پر خود مختاری ایران اور عمان کی ہے، آبی گزرگاہ میں بحری آمدورفت انہی انتظامات کے مطابق ہوگی جو ایران مقرر کرے گا۔ باقر قالیباف نے کہا کہ بحری ناکہ بندی کے خاتمے کے بعد سے ایران 40 ملین سے زائد بیرل تیل برآمد کر چکا ہے، اگر امریکا ایران کو تیل فروخت کرنے سے روکنے کا ارادہ رکھتا ہے تو پھر کوئی بھی تیل سے فائدہ نہیں اٹھا سکے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم اب اپنا تیل پہلے کے مقابلے میں 20 فیصد زیادہ قیمت پر فروخت کر رہے ہیں۔

بقیہ 22

جس کے تحت یکم جولائی سے ان علاقوں میں صنعتی پیداوار پر 12 فیصد سیلز ٹیکس اور 7 فیصد انکم ٹیکس نافذ ہو گیا، قیام پاکستان کے بعد یہ پہلا موقع ہوگا کہ سابق فاٹا اور سابق پاٹا کو باقاعدہ طور پر ٹیکس نظام کا حصہ بنایا جا رہا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قیام پاکستان سے وفاق کے زیر انتظام سابق قبائلی علاقہ (فاٹا) اور صوبے کے زیر انتظام سابق قبائلی علاقہ (مالاکنڈ ڈویژن) کو ان کی پسماندگی، غربت اور خصوصی آئینی حیثیت کے باعث صنعت اور کاروبار پر مختلف وفاقی ٹیکسوں سے استثنیٰ حاصل تھا۔ رپورٹ کے مطابق 2018 میں فاٹا اور پاٹا کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرکے انہیں خیبر پختونخوا میں ضم کیا گیا تاہم اس وقت حکومت نے مقامی صنعت، سرمایہ کاری اور روزگار کے فروغ کے لیے محدود مدت تک ٹیکس رعایت برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا تھا۔ وفاقی بجٹ 2026-27 میں یہ رعایت ختم کیے جانے کے بعد ضم اضلاع اور مالاکنڈ کے صنعتکاروں اور تاجروں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے جبکہ ملک کے دیگر حصوں میں اس اقدام کو ٹیکس نظام میں مساوات کی جانب ایک قدم قرار دیا جا رہا ہے۔ باڑہ کے معروف صنعتکار، اسٹیل ملز کے مالک اور سابق رکن صوبائی اسمبلی الحاج محمد شفیق آفریدی نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضم اضلاع اب بھی دہشت گردی، پسماندگی اور بے روزگاری جیسے سنگین مسائل کا شکار ہیں، ان کے مطابق حکومت اس وقت ٹیکس وصول کرنے کی حقدار ہوگی جب وہ ان علاقوں کو ملک کے دیگر صنعتی مراکز جیسی بنیادی سہولیات فراہم کرے۔ انہوں نے کہا کہ ضم اضلاع میں سڑکوں کی خستہ حالی، بجلی کی قلت، امن وامان کی غیر یقینی صورتحال، مقامی ہنرمند افرادی قوت کی کمی، بینکوں کی عدم معاونت اور کراچی بندرگاہ سے طویل فاصلے کے باعث پیداواری لاگت پہلے ہی بہت زیادہ ہے، اگر اس پر نئے ٹیکس بھی نافذ کر دیئے گئے تو مقامی صنعت پنجاب اور سندھ کی صنعت سے مقابلہ نہیں کر سکے گی۔ الحاج محمد شفیق آفریدی نے مطالبہ کیا کہ جب تک ضم اضلاع کا بنیادی ڈھانچہ ملک کے دیگر علاقوں کے برابر نہیں لایا جاتا، اس وقت تک ٹیکسوں کا نفاذ ناانصافی ہوگا، لہٰذا حکومت کم از کم مزید 2 سال کے لیے ٹیکس استثنیٰ برقرار رکھے۔ محکمہ صنعت کے ریکارڈ کے مطابق ضم اضلاع اور مالاکنڈ ڈویژن میں گھی، اسٹیل، ٹیکسٹائل اور دیگر شعبوں کی سینکڑوں صنعتی یونٹس قائم ہیں جن سے ہزاروں افراد کا روزگار وابستہ ہے۔ دوسری جانب چیئرمین پاکستان بارڈرز ٹریڈ کونسل سید جواد حسین کاظمی نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 2018 میں فاٹا اور مالاکنڈ کے انضمام کے وقت وفاقی حکومت نے یقین دہانی کرائی تھی کہ آئندہ 10 سال تک ان علاقوں پر کسی قسم کا ٹیکس نافذ نہیں کیا جائے گا تاکہ صنعت اور سرمایہ کاری کو فروغ مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں دہشت گردی کے باعث ضم اضلاع کی 50 فیصد سے زائد صنعت پہلے ہی بند ہو چکی ہے جبکہ نئے ٹیکسوں کے نفاذ سے باقی ماندہ صنعت بھی شدید متاثر ہونے کا خدشہ ہے، جس سے ہزاروں افراد بے روزگار ہوں گے اور اس کے امن وامان پر بھی منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 8 ماہ سے پاک افغان تجارت بھی معطل ہے، جس کے باعث یہاں کے مقامی صنعت کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ سید جواد حسین کاظمی نے بتایا کہ انہوں نے وفاقی وزیر تجارت جان جمالی سمیت دیگر وفاقی وزرا اور حکام سے متعدد ملاقاتوں اور مختلف فورمز پر اس معاملے کو اٹھایا ہے اور امید ظاہر کی کہ حکومت صنعتکاروں کے تحفظات کو مدنظر رکھتے ہوئے کم از کم مزید دو سال کے لیے ٹیکس استثنیٰ میں توسیع کرے گی۔ اب تمام نظریں وفاقی حکومت پر مرکوز ہیں کہ آیا وہ ضم اضلاع اور مالاکنڈ کے صنعتکاروں کے خدشات کو دور کرنے کے لیے ٹیکس استثنیٰ میں توسیع یا کسی متبادل ریلیف پیکیج کا اعلان کرتی ہے یا یکم جولائی سے نئے ٹیکسوں کا نفاذ مقررہ شیڈول کے مطابق عمل میں آتا ہے۔

بقیہ 23

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے حل کیلئے فاؤنڈیشن کے اقدامات پر گفتگو کی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں، بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنی محنت کی کمائی پاکستان بھیج کر زر مبادلہ میں اپنا اہم حصہ ڈالتے ہیں۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بہبود کیلئے جاری منصوبوں واقدامات میں مزید تیزی لائی جائے۔ ملاقات میں وزیر اعظم کو بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بہبود اور انکو سہولت فراہم کرنے کیلئے مزید اقدامات کے لائحہ عمل پر بھی بریفنگ دی گئی۔ چیئرمین بورڈ آف گورنرز او ایم ڈی او پی ایف نے عالمی امن کیلئے پاکستان کی کاوشوں پر وزیر اعظم کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعظم نے او پی ایف کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مزید بہتری کیلئے جامع لائحہ عمل مرتب کر کے پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 24

گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے مذاکرات کی پیشکش پر تا حال کوئی پیشرفت نہیں ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام میں بدگمانیاں پیدا کرنے والے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی تبدیلی کی باتیں کر رہے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ علی امین گنڈاپور نے خود بانی کے کہنے پر استعفیٰ دیا، وہ کوئی ایسا کام نہیں کر رہے، جس سے پارٹی کو نقصان ہو، سہیل آفریدی کے ساتھ تحریک انصاف کے ارکان ہیں۔

بقیہ 25

بچوں اور بچیوں کی نماز جنازہ میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس دوران لواحقین غم سے نڈھال جبکہ ہر آنکھ اشکبار نظر آئی، علاقے کی فضاء سوگوار رہی۔ بچوں اور بچیوں کی نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد انہیں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ المناک سانحے کے باعث علاقے میں دکانیں اور مارکیٹیں بند رہیں جبکہ سوگ کی کیفیت ہر طرف نمایاں نظر آئی۔ نماز جنازہ کے موقع پر پولیس نے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے تھے۔ رات بھر پولیس کی بھاری نفری علاقے میں تعینات رہی جبکہ ضلعی انتظامیہ بھی مسلسل متحرک رہی۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے متاثرہ علاقے میں روشنی، صاف اور ٹھنڈے پینے کے پانی، صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی سہولیات کا خصوصی انتظام کیا گیا۔ لاشوں کی منتقلی کے لیے شہر خموشاں کی گاڑیاں بھی موقع پر موجود رہیں جبکہ ستھرا پنجاب کی ٹیمیں صفائی کے فرائض انجام دیتی رہیں۔ دوسری جانب جنرل ہسپتال، چلڈرن ہسپتال اور تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں زخمی خاتون ٹیچر اور بچوں کا علاج جاری ہے۔ ہسپتال حکام کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ دوسری جانب پولیس نے واقعہ کا مقدمہ انفورسمنٹ انسپکٹر نشتر زون کی مدعیت میں درج کر لیا ہے، جس میں غفلت اور لاپرواہی کو سانحے کی بنیادی وجہ قرار دیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق چھت پر غفلت اور لاپرواہی کے باعث کام کرنے سے قیمتی جانیں کا ضیاع ہوا، ٹیوشن سینٹر کی چھت پر مرمتی کام جاری تھا، زیادہ وزن پڑنے سے چھت گر گئی، ملبے تلے دب کر 14 بچے جاں بحق ہوئے، چھت گرنے کے حادثے میں خاتون ٹیچر سمیت 7 بچے زخمی ہوئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر واقعے کی مکمل، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جا رہی ہیں تاکہ ذمہ دار عناصر کا تعین کرکے ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جا سکے۔ سانحہ کاہنہ میں ٹیوشن سنٹر کی چھت گرنے سے ملبے تلے دب کر زخمی ہونے والی خاتون ٹیچر کا بیان بھی سامنے آیا ہے، جن کا کہنا ہے کہ یہ سب قدرت کی طرف سے ہوا ہے اس میں کسی کا کوئی ہاتھ نہیں ہے، چھت پر کام ہو رہا تھا یہ درست نہیں ہے بلکہ چھت کا کام پہلے ہی مکمل ہو چکا تھا۔ ہسپتال میں دوران علاج اپنے ویڈیو بیان میں خاتون ٹیچر نے کہا کہ میں خود بھی ملبے کے نیچے آئی ہوں، میری اپنی بچی، میرے جیٹھ اور دیور کے بچے بھی ملبے کے نیچے دب گئے، میری اپنی بیٹی کو چوٹیں آئی ہیں، ان کی حالت کیسی ہے مجھے یہ بھی معلوم نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سچ نہیں ہے کہ چھت پر کام ہو رہا تھا بلکہ یہ کام پہلے ہی ہو چکا تھا، میں نے چھت پکی کرائی ہے، مالی حالات ایسے نہیں تھے کہ ہم لینٹر ڈال سکتے، میرے شوہر گھر کے قریب فروٹ کی ریڑھی لگاتے ہیں جس سے دو، چار سو روپے بچت آتی ہے، میں خود گھر کا سسٹم چلاتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ گھر میں بجلی نہ ہونے میں بچوں کو گرمی کی وجہ سے چھٹی دیدیتی ہوں، یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ چھت پر کام ہو رہا ہو تو میں بچوں کو پڑھا رہی ہوتی، یہ قدرت کی طرف سے ہوا ہے۔ خاتون نے روتے ہوئے کہا کہ یہ کیسے ہوا، سارے بچے کیسے ملبے کے نیچے آ گئے مجھے کچھ پتہ نہیں ہے۔ ادھر پولیس نے خاتون ٹیچر کے شوہر مرکزی ملزم ریحان کا بیان ریکارڈ کرلیا۔ ملزم نے کہا کہ بیوی گھر کا خرچ چلانے کیلئے بچوں کو ٹیوشن پڑھاتی تھی، بارش سے چھت ٹپکتی تھی اس لئے بھائیوں اور مستری کے ساتھ ملکر چھت پر ٹائل لگا رہا تھا۔ دوسری جانب المناک واقعے کے بعد وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر جاں بحق بچوں کے لواحقین اور زخمیوں کے لیے خصوصی مالی امداد کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب ذیشان ملک کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والے بچوں کے لواحقین کو 20، 20 لاکھ روپے جبکہ زخمیوں کو 5، 5 لاکھ روپے مالی معاونت فراہم کی جائے گی۔ ذیشان ملک نے کہا کہ پنجاب حکومت اس افسوسناک سانحے پر متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے اور حکومت ان کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کرتی ہے۔ ان کے مطابق واقعے کے فوری بعد ریلیف اقدامات کا آغاز کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ امدادی رقوم کی جلد اور شفاف ادائیگی کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ متاثرہ خاندانوں کو بروقت مالی مدد فراہم کی جا سکے۔ مشیر وزیر اعلیٰ نے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق بچوں کے لواحقین سے تعزیت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ حکام کے مطابق امدادی پیکیج کی فراہمی کا عمل جلد مکمل کیا جائے گا، جبکہ حکومتی سطح پر واقعے کی مسلسل نگرانی اور متاثرین کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات جاری ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے سانحے کے بعد صوبہ بھر کے سرکاری، نجی تعلیمی اداروں اور دیگر نجی عمارتوں کے حفاظتی معیار کا جامع جائزہ لینے کی بھی ہدایت جاری کر دی ہے تاکہ مستقبل میں اس نوعیت کے افسوسناک واقعات کی روک تھام یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 26

گرمی کے باعث ایک ہزار اٹھائیس افراد کی اموات ہوئیں، فرانس میں بھی ایک ہزار افراد شدید گرمی کے سبب چل بسے۔ حکام نے اسپین، جرمنی، اٹلی، سوئٹزرلینڈ اور برطانیہ میں آئندہ ہفتے ایک اور شدید ہیٹ ویو آنے کا خدشہ ظاہر کردیا، پرتگال میں بھی شدید گرمی کا ریڈ الرٹ جاری کردیا گیا۔ امریکا میں بھی خطرناک گرمی کی وارننگ جاری کی گئی ہے۔ عالمی ادارہ صحت نے کہا ہے کہ گرمی کی یہ لہر دراصل آنے والے وقت کی ایک جھلک ہے، آئندہ برسوں کی گرمیاں اس سے بھی زیادہ سخت ہوں گی۔ انہوں نے یورپ کو گرمی سے بچاؤ کے اقدامات کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ ڈبلیو ایچ او نے 6 جولائی کو یورپ میں گرمی کی صورتحال اور موسمیاتی تبدیلی سے متعلق ہنگامی اجلاس طلب کرلیا۔

بقیہ 27

سلطنت عمان کی طرف سے تجویز کردہ منصوبے کی بنیاد پر بات چیت جاری ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ آبنائے ہرمز کے بارے میں سلطنت عمان کی تجویز پر مشاورت کیلئے مذاکراتی وفود اپنے اپنے ممالک جائیں گے۔

بقیہ 28

30 جون کو افغان طالبان رجیم نے اپنی زیر انتظام سرزمین سے سرگرم دہشت گرد تنظیموں کی مبینہ سرپرستی کے تسلسل میں بلوچستان کی سرحد کی جانب 4 ابتدائی نوعیت کے ڈرون بھیجے، پاکستان کے مضبوط فضائی دفاعی نظام نے ان تمام ڈرونز کی فوری نشاندہی کرلی۔ بیان کے مطابق سکیورٹی فورسز نے اعلیٰ سطح کی آپریشنل تیاری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جدید دفاعی اقدامات کے ذریعے چاروں ڈرونز کو کامیابی سے تباہ کر دیا، بروقت اور موثر کارروائی کے باعث مبینہ طور پر دشمن کے تمام عزائم ناکام بنا دیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق افغان طالبان رجیم کی جانب سے اس نوعیت کی کارروائیوں کا مقصد اپنی حکومت کے زیر اثر مشکلات کا شکار افغان عوام کی توجہ ہٹانا ہے، افغان طالبان کو یہ احساس کرنا چاہیے کہ ان کا غیر ذمہ دارانہ طرز عمل افغان عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ افغان طالبان کو اپنے عوام کو ایسے اقدامات اور بیانات کے ذریعے مطمئن کرنے کی کوشش کرنے کی بجائے دہشت گردی کی سرپرستی ترک کرنی چاہیے اور پرامن بقائے باہمی کے اصولوں پر عمل کرنا چاہیے۔ بیان میں خبردار کیا گیا کہ اگر افغان طالبان نے پاکستان کے خلاف اشتعال انگیزی یا سرحد پار کارروائیاں جاری رکھیں تو انہیں ایسا موثر جواب دیا جائے گا جس کی انہیں بھاری قیمت چکانا پڑے گی، پاکستان کی مسلح افواج ملک کے چپے چپے کے دفاع کیلئے مکمل طور پر چوکس اور ہر وقت تیار ہیں۔ پاک فوج کے ترجمان ادارے کے مطابق پاکستان کی خود مختاری کو نقصان پہنچانے یا عوام کے جان و مال کو خطرے میں ڈالنے والی کسی بھی سرحد پار مہم جوئی یا اشتعال انگیزی کا فوری، فیصلہ کن اور بھرپور جواب آپریشن غضب للحق کے تحت دیا جاتا رہے گا۔

بقیہ 29

فراہم کی، جن میں 409 سویلین اور 306 ماہی گیر شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق نئی دہلی میں پاکستانی مشن کے سربراہ سعد وڑائچ نے یہ فہرستیں بھارتی حکومت کے حوالے کیں۔ دوسری جانب پاکستان میں بھارتی مشن کی سربراہ گیتیکا شیر واستو نے قیدیوں کی فہرستیں پاکستان کو دیں۔ سفارتی ذرائع کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان قیدیوں کی فہرستوں کا تبادلہ 2008 کے قونصلر رسائی معاہدے کے تحت باقاعدگی سے کیا جاتا ہے۔

بقیہ 30

وزیر ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کے آبی حقوق ہماری قومی سلامتی کا ایک لازمی حصہ ہیں، انہوں نے کہا کہ طاس معاہدے پر منعقد ہونے والے بین الاقوامی سیمینار میں اہم گفتگو ہوئی، سیمینار میں دوٹوک انداز میں اعادہ کیا گیا کہ کسی بھی عالمی معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل نہیں کیا جا سکتا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور جائز قومی حقوق کے تحفظ کے لئے پرعزم ہے، پاکستان امن، بامعنی مذاکرات اور قواعد پر مبنی بین الاقوامی نظام پر غیر متزلزل یقین رکھتا ہے، علاقائی استحکام اسی وقت ممکن ہے جب بین الاقوامی معاہدوں اور وعدوں کا احترام کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یکطرفہ اقدامات کے ذریعے عالمی معاہدوں کو کمزور کرنے کی کوششیں ناقابل قبول ہیں۔

بقیہ 31

۔ طاہر اندرابی نے کہا کہ بھارت کا طرز عمل اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی ہے جبکہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں کشمیریوں کے حق خود ارادیت کو بھی دبا رہا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بھارت مسلسل خطے کے امن واستحکام میں رکاوٹ ڈالنے والا کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے شہریوں کی سلامتی یقینی بنانے کے لیے مناسب اقدامات کرتا رہا ہے اور آئندہ بھی کرتا رہے گا۔

بقیہ 32

تابناک مستقبل کیلئے بہترین سرمایہ کاری ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت دانش اسکولوں اور یونیورسٹی کے قیام پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی وزرا اعظم نذیر تارڑ، احسن اقبال، عطا تارڑ، خالد مقبول صدیقی اور متعلقہ اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم نے کہا کہ دانش اسکول اور دانش یونیورسٹی اہم قومی اثاثہ ہیں، ملک بھر میں دانش اسکولوں اور اسلام آباد میں دانش یونیورسٹی کی تعمیر قوم کے تابناک مستقبل کیلئے بہترین سرمایہ کاری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مظفر آباد میں دانش یونیورسٹی کا ٹیک کیمپس بنایا جائے۔ وزیر اعظم نے مزید ہدایت کی کہ چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں دانش اسکولوں کی تعمیر جلد مکمل کی جائے۔ اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ دانش اسکولوں کا ڈیزائن علاقائی ثقافت سے ہم آہنگ ہونا چاہیے، دانش اسکولوں اور یونیورسٹی میں تدریسی اور دیگر عملے کی بھرتی خالصتاً میرٹ پر کی جائے۔ اس موقع پر وزیر اعظم کو خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر میں 27 دانش اسکولوں کی تعمیر پر بریفنگ دی گئی۔ اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم کو اسلام آباد میں دانش اسکولوں اور دانش یونیورسٹی کی تعمیر میں پیشرفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ کے مطابق باغ، بھمبر، سلطان آباد، گانچھے اور استور میں دانش اسکولوں کی تعمیر مکمل ہونے کو ہے۔ بریفنگ کے مطابق اپریل 2027 سے ان اسکولوں میں تدریسی عمل شروع ہو جائے گا، دانش یونیورسٹی میں تدریسی عملے کی بھرتی کے عمل کا آغاز کیا گیا ہے۔ بریفنگ کے مطابق دانش یونیورسٹی میں 2027 سے کلاسز کا آغاز ہوگا، ملک بھر بالخصوص پسماندہ علاقوں سے دانش اسکولوں میں میرٹ کی بنیاد پر طلبا کو داخلہ دیا جائے گا۔

بقیہ 33

مین نے کام میں مزید تیزی لانے کے احکامات جاری کر دیئے، انہوں نے کہا کہ یہ عوامی فلاح اور کراچی کیلئے انتہائی اہم منصوبہ ہے، ہر مرحلے کو مقررہ مدت کے مطابق مکمل کرنے کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ اداروں کے درمیان موثر رابطے اور باہمی تعاون کو مزید بہتر بنایا جائے، منصوبے کو اعلیٰ معیار اور مقررہ اہداف کے مطابق مکمل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 34

کے نتیجے میں نقصان پہنچا ہے۔ جنوبی کوریا کے مطابق ناموا اب مرمت مکمل ہونے کے بعد جولائی کے آخر میں آبنائے ہرمز سے روانہ ہوگا، جہاز دبئی کی ایک بندرگاہ پر مرمت کے عمل سے گزر رہا ہے۔ یہ جہاز 28 فروری سے خلیجی علاقے میں پھنسا ہوا ہے جب امریکا اور اسرائیل نے ایران کے خلاف جنگی کارروائیاں شروع کی تھیں۔ جنوبی کوریا کا کہنا تھا کہ یہ واضح نہیں ہو سکا کہ حملے کا ذمہ دار کون تھا یا حملہ جان بوجھ کر کیا گیا۔ دوسری جانب ایران نے جہاز کو نشانہ بنانے کی تردید کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق جہاز میں 32 افراد پر مشتمل عملہ موجود ہے، آبنائے ہرمز میں اس وقت جنوبی کوریا کے 2 جہاز موجود ہیں جبکہ اب تک 24 جہاز وہاں سے نکل چکے ہیں۔

بقیہ 35

تیاری کے سلسلے میں اپنے طیارہ بردار بحری جہاز شارل ڈیگول کو خلیج عدن میں تعینات کرنے کا اعلان کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق فرانسیسی فوج کے ترجمان کرنل گیوم ورنی نے بتایا کہ اتحادی ممالک خلیج عدن کے قریب فرانسیسی فضائی اور بحری قوت میں شامل ہو گئے۔ ترجمان نے اشارہ کیا کہ فرانسیسی طیارہ بردار جہاز کے آبنائے ہرمز کے قریب پہنچنے کا مقصد وقت کی بچت اور مستعدی کو یقینی بنانا ہے۔ کرنل گیوم ورنی نے اس بات کی تصدیق کی کہ فرانس خطے میں اپنے اتحادیوں کی عسکری کوششوں کو متحد کرنے پر کام کر رہا ہے۔ یہ اعلان خطے میں عسکری کشیدگی میں کمی کے بعد آبنائے ہرمز میں جہازوں کی نقل وحرکت بتدریج بحال ہونے کے چند دن بعد سامنے آیا ہے جبکہ کئی ممالک اس آبی گزرگاہ پر جہاز رانی کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں جہاں سے عالمی تیل کی تجارت کا تقریباً پانچواں حصہ گزرتا ہے۔ آبنائے ہرمز دنیا کے حساس ترین بحری راستوں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے جو خلیج عرب کو بحیرہ عرب اور بحر ہند سے ملاتا ہے اور یہ عالمی منڈیوں تک تیل اور گیس کی منتقلی کے لیے ایک اہم شریان کی حیثیت رکھتا ہے، جس کی وجہ سے اس راستے پر جہاز رانی میں کسی بھی قسم کے خلل کے اثرات براہ راست توانائی کی منڈیوں اور بین الاقوامی تجارت پر مرتب ہوتے ہیں۔

بقیہ 36

وکٹر گاؤ کے بیان کو اپنے سوشل میڈیا ایکس اکاؤنٹ پر شیئر کرتے ہوئے اسے پاکستانی موقف کی حمایت قرار دیا۔ گزشتہ روز نائب صدر سینٹر فار چائنا اینڈ گلوبلائزیشن بیجنگ ڈاکٹر وکٹر گاؤ نے اسلام آباد میں سندھ طاس معاہدے سے متعلق بین الاقوامی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ دنیا کے اس حصے میں کسی کو بھی پاکستان کے بنیادی مفادات بالخصوص اس کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے لیے چین کے عزم پر شک نہیں ہونا چاہیے، اس نشست کے تناظر میں دریائے سندھ کے آزادانہ بہاؤ پر پاکستانی عوام کے حق کو بھی مسلم سمجھا جانا چاہیے۔

بقیہ 37

زخمی ہیں۔ اماراتی نیوز ایجنسی کے مطابق قائم مقام صدر ڈیلسی روڈریگیز کی حکومت نے بتایا کہ زلزلوں میں اب تک ایک ہزار 943 افراد ہلاک اور ہزاروں زخمی ہو چکے ہیں، تقریباً 59 ہزار عمارتیں تباہ یا شدید متاثر ہوئی ہیں جبکہ تقریباً 16 ہزار افراد بے گھر ہوئے۔ انٹرنیشنل ریسکیو کمیٹی نے بیان میں کہا کہ تباہ کن زلزلوں کے بعد دسیوں ہزار افراد تا حال لاپتا ہیں۔

بقیہ 39

تعلیم، جدید مہارتوں اور پالیسیوں کے تسلسل سے وابستہ ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل انہی قوموں کا ہوتا ہے جو اپنے نوجوانوں پر سرمایہ کاری کرتی ہیں۔ وہ بدھ کو اسلام آباد میں اڑان پاکستان "مٹی کی پکار" اوورسیز پاکستانیز سمر اسکالرز پروگرام 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ پروگرام کے لیے دنیا کے 54 ممالک سے تقریباً دو ہزار درخواستیں موصول ہوئیں، انتہائی شفاف اور میرٹ پر مبنی انتخابی عمل کے بعد دنیا کی 150 ممتاز جامعات سے تعلق رکھنے والے 45 غیر معمولی اوورسیز پاکستانی طلبہ وطالبات کو منتخب کیا گیا۔ انہوں نے منتخب اسکالرز کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ ایک سخت اور شفاف مقابلے سے گزر کر اس مقام تک پہنچے ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ دو ماہ پر مشتمل یہ پروگرام اوورسیز پاکستانی طلبہ وطالبات کو پاکستان کے مختلف قومی اداروں میں عملی تجربہ حاصل کرنے، پالیسی سازی کے عمل کو قریب سے سمجھنے اور ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کا منفرد موقع فراہم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس سال پروگرام کی ایک منفرد خصوصیت یہ بھی ہے کہ پاکستانی طلبہ کے ساتھ بنگلہ دیش، انڈونیشیا اور قازقستان سے تعلق رکھنے والے تین غیر ملکی اسکالرز بھی شریک ہیں، جو اس پروگرام کی بین الاقوامی اہمیت اور بڑھتی ہوئی عالمی پذیرائی کا واضح ثبوت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آئندہ چند ہفتوں کے دوران یہ نوجوان وزارت منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات کی سینئر قیادت کے ساتھ مل کر اڑان پاکستان کے 5 فائیو ایز فریم ورک یعنی برآمدات، توانائی، ماحولیات، ای پاکستان، اور مساوات وبااختیار بنانا کے تحت قومی ترقی کے مختلف شعبوں میں اپنی اختراعی سوچ، عالمی تجربات اور نئی تجاویز سے پالیسی سازی کے عمل کو تقویت دیں گے تاکہ علم کو عملی قومی حل میں تبدیل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ان سے اکثر پوچھا جاتا ہے کہ ان کی اصل ذمہ داری کیا ہے جس پر وہ ہمیشہ یہی جواب دیتے ہیں کہ ان کا سب سے اہم مشن پاکستان کے نوجوانوں کی تعمیر ہے، کیونکہ کسی بھی ملک کی کامیابی کا راز اس کے قدرتی وسائل میں نہیں بلکہ اس کے انسانی وسائل، تعلیم اور مہارتوں میں پوشیدہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی مسلم لیگ (ن) کو ملک کی خدمت کا موقع ملا، نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید مہارتوں اور عالمی معیار کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح رہی۔ احسن اقبال نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے ملک کو توانائی بحران اور دہشت گردی جیسے سنگین چیلنجز سے نکالا، جدید انفراسٹرکچر تعمیر کیا، چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) جیسے تاریخی منصوبوں کا آغاز کیا اور نوجوانوں کو بہتر تعلیم، مہارتوں اور ترقی کے نئے مواقع فراہم کیے۔ انہوں نے کہا کہ 2017 میں عالمی ادارے پرائس واٹر ہاؤس کوپرز نے پیش گوئی کی تھی کہ اگر پاکستان ترقی کی اسی رفتار سے آگے بڑھتا رہا تو 2030 تک دنیا کی بیس بڑی معیشتوں میں شامل ہو جائے گا، لیکن بعد ازاں ایک مصنوعی سیاسی تبدیلی کے نتیجے میں ملک شدید معاشی بحران کا شکار ہوا اور ڈیفالٹ کے دہانے تک پہنچ گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 2022 میں جب موجودہ حکومت نے ذمہ داریاں سنبھالیں تو پاکستان انتہائی مشکل معاشی صورتحال سے دوچار تھا، مگر حکومت نے اپنی سیاست سے زیادہ ریاست کو بچانے کو ترجیح دی اور سخت ترین فیصلے کرتے ہوئے معیشت کو استحکام کی راہ پر گامزن کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج دنیا پاکستان کو ڈیفالٹ کے خطرے سے نکلنے والی ایک کامیاب معیشت کے طور پر دیکھ رہی ہے اور عالمی سطح پر پاکستان کی معاشی بحالی کو سراہا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو بے شمار قدرتی وسائل، معدنی ذخائر اور محنتی افرادی قوت سے نوازا ہے، لیکن امن واستحکام کا فقدان، پالیسیوں میں عدم تسلسل، سیاسی عدم استحکام اور مسلسل اصلاحات کی کمی وہ بنیادی عوامل ہیں جنہوں نے قومی ترقی کی رفتار کو متاثر کیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کی تقریباً ساٹھ فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، اس لیے ریاست پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ انہیں معیاری تعلیم، بہترین صحت، جدید مہارتیں اور باعزت روزگار کے مساوی مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے حالیہ عرصے میں سفارتی محاذ پر تاریخی کامیابیاں حاصل کی ہیں اور دنیا بھر میں پاکستان کے مثبت کردار کو سراہا جا رہا ہے، اب سفارتی کامیابیوں کے بعد اصل معرکہ معاشی ترقی کا ہے، جسے جیتنے کے لیے نوجوان نسل کو ہر ممکن سہولت اور مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آج یہ نوجوان دنیا کی ممتاز جامعات میں پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں اور درحقیقت پاکستان کے سفیر ہیں۔ اس پروگرام کا مقصد انہیں قومی ترقی کے عمل سے جوڑنا، حکومتی نظام سے روشناس کرانا اور ایسا عملی تجربہ فراہم کرنا ہے جو ان کے مستقبل میں موثر کردار ادا کرے۔ انہوں نے بتایا کہ وزارت منصوبہ بندی نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کو بھی سفارشات ارسال کی ہیں تاکہ ملکی جامعات کے نصاب کو جدید دور کے تقاضوں، ٹیکنالوجی اور عالمی منڈی کی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جا سکے، تاکہ نوجوانوں کی تعلیم براہ راست قومی ترقی اور روزگار سے منسلک ہو۔ احسن اقبال نے اسکالرز کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وزارت منصوبہ بندی کے تجربہ کار افسران کے ساتھ کام کرتے ہوئے وہ مختلف شعبوں میں قیمتی تجربات حاصل کریں گے۔ اگرچہ یہ پروگرام مختصر مدت پر مشتمل ہے، تاہم وہ ان چھ ہفتوں کو اپنی زندگی کا یادگار اور نتیجہ خیز تجربہ بنائیں، مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھیں اور ہمیشہ اس جذبے کے ساتھ کام کریں کہ انہوں نے اپنے وطن پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا موثر کردار ادا کرنا ہے۔

بقیہ 40

وزیر ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کے آبی حقوق ہماری قومی سلامتی کا ایک لازمی حصہ ہیں، انہوں نے کہا کہ طاس معاہدے پر منعقد ہونے والے بین الاقوامی سیمینار میں اہم گفتگو ہوئی، سیمینار میں دوٹوک انداز میں اعادہ کیا گیا کہ کسی بھی عالمی معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل نہیں کیا جا سکتا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور جائز قومی حقوق کے تحفظ کے لئے پرعزم ہے، پاکستان امن، بامعنی مذاکرات اور قواعد پر مبنی بین الاقوامی نظام پر غیر متزلزل یقین رکھتا ہے، علاقائی استحکام اسی وقت ممکن ہے جب بین الاقوامی معاہدوں اور وعدوں کا احترام کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ یکطرفہ اقدامات کے ذریعے عالمی معاہدوں کو کمزور کرنے کی کوششیں ناقابل قبول ہیں۔

بقیہ 41

انٹرا پارٹی انتخابات تسلیم کر لیے، الیکشن کمیشن نے چاروں جماعتوں کے انٹرا پارٹی انتخابات کا باضابطہ نوٹیفکیشنز بھی جاری کر دیے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق عام آدمی تحریک پاکستان، پاکستانی عوامی انقلابی لیگ، اللہ اکبر تحریک اور کسان اتحاد عوامی پارٹی کے انتخابات تسلیم ہوئے جبکہ پی ٹی آئی، ٹی ایل پی اور پاکستان ریفارم پارٹی تاحال بغیر سربراہ اور تنظیمی ڈھانچے کے فہرست میں شامل ہیں۔

بقیہ 42

راستہ اختیار نہ کرنے کے باعث بحری جہاز آبنائے ہرمز میں پھنس گیا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ یہ جہاز طے شدہ نیوی گیشن روٹ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے آگے بڑھا، جس کے باعث وہ گراؤنڈ ہو گیا۔ ایرانی حکام نے کہا کہ تمام جہاز صرف جزیرہ لارک کے جنوب میں منظور شدہ بحری راہداری استعمال کریں۔ پاسداران انقلاب نے کہا کہ مقررہ راستے کے بجائے دیگر راستوں سے آمد ورفت حادثات کا سبب بن سکتی ہے۔

بقیہ 43

کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق فرانسیسی فوج کے ترجمان کرنل گیوم ورنی نے بتایا کہ اتحادی ممالک خلیج عدن کے قریب فرانسیسی فضائی اور بحری قوت میں شامل ہو گئے۔ ترجمان نے اشارہ کیا کہ فرانسیسی طیارہ بردار جہاز کے آبنائے ہرمز کے قریب پہنچنے کا مقصد وقت کی بچت اور مستعدی کو یقینی بنانا ہے۔ کرنل گیوم ورنی نے اس بات کی تصدیق کی کہ فرانس خطے میں اپنے اتحادیوں کی عسکری کوششوں کو متحد کرنے پر کام کر رہا ہے۔ یہ اعلان خطے میں عسکری کشیدگی میں کمی کے بعد آبنائے ہرمز میں جہازوں کی نقل وحرکت بتدریج بحال ہونے کے چند دن بعد سامنے آیا ہے جبکہ کئی ممالک اس آبی گزرگاہ پر جہاز رانی کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں جہاں سے عالمی تیل کی تجارت کا تقریباً پانچواں حصہ گزرتا ہے۔ آبنائے ہرمز دنیا کے حساس ترین بحری راستوں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے جو خلیج عرب کو بحیرہ عرب اور بحر ہند سے ملاتا ہے اور یہ عالمی منڈیوں تک تیل اور گیس کی منتقلی کے لیے ایک اہم شریان کی حیثیت رکھتا ہے، جس کی وجہ سے اس راستے پر جہاز رانی میں کسی بھی قسم کے خلل کے اثرات براہ راست توانائی کی منڈیوں اور بین الاقوامی تجارت پر مرتب ہوتے ہیں

بقیہ 44

۔ رکن سازی، امیدوار رکن، سرکاری ونجی تعلیمی اداروں میں تنظیمی سرگرمیوں، افکار معلم، نشر واشاعت اور دیگر شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ الحمدللہ تمام رپورٹس بروقت مکمل کی گئیں، جنہیں آئندہ مرحلے میں صوبہ بلوچستان کو ارسال کیا جائے گا۔ اجلاس میں آئندہ کے تنظیمی اہداف، درپیش کمزوریوں اور کوتاہیوں پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ تنظیم کو مزید مضبوط، فعال اور موثر بنانے، افرادی قوت میں اضافہ کرنے اور تعلیمی میدان میں تنظیمی خدمات کے دائرہ کار کو وسعت دینے کے لیے بھرپور محنت کی جائے گی۔ مرکزی ذمہ دار اللہ دتہ منگریو نے ضلعی ذمہ داران کی مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ تنظیمی ذمہ داریاں اخلاص، نظم وضبط اور مسلسل جدوجہد کے ساتھ ادا کی جائیں تاکہ تنظیم اساتذہ پاکستان کے مشن کو مزید موثر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر ملک وملت، تعلیم کے فروغ اور تنظیم کی ترقی کے لیے خصوصی دعا کی گئی

INVITATION TO BID

FOR SUPPLY OF LIQUEFIED NATURAL GAS (LNG)

Pakistan LNG Limited (PLL) is owned by the Government of Pakistan and has the mandate to procure Liquefied Natural Gas (LNG) to meet the country's gas requirements.

Bids are invited from reputed international suppliers, for the supply of one (01) LNG cargo on a Delivered Ex-Ship (DES) basis at Port Qasim, Karachi, Pakistan:

Tender #	Cargo	Delivery Period	Quantity per Cargo
PLL/IMP/ LNGT73	1.	10 – 11 July 2026	140,000 m3 (+/-10%) (with tolerance as mentioned in the bid documents)

Bid documents may be obtained from the office of **Pakistan LNG Limited (PLL)** in person or through email request at procurement@paklng.com from the date of advertisement to **03 July 2026**.

The bid, prepared in accordance with the instructions in the bid documents, must reach the office of PLL at the address given below on or before **1400 hours PST** on **03 July 2026**. The bids will be opened the same day at **1430 hours PST** as per PPRA rules.

This advertisement is also available on PPRA's website (www.ppra.org.pk) and PLL's website (www.paklng.com).

Pakistan LNG Limited reserves the right at its sole discretion to reject all bids prior to the acceptance of a bid or proposal, as per rule 33 of Public Procurement Rules, 2004.

PAKISTAN LNG LIMITED
9th Floor, Petroleum House, Ataturk Avenue, G-5/2, Islamabad, Pakistan.
Email: procurement@paklng.com
Tel: +92 51 8744183
PAKISTAN LNG
PID(I)10478/25

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شوکت علی جوگیزئی سے رکن صوبائی اسمبلی سید ظفر آغا کیسکو ہیڈ کوارٹر میں ملاقات کر رہے ہیں

دعوؤں کے برعکس بلوچستان کی حالات اندازوں سے زیادہ خراب ہے — ہدایت الرحمٰن بلوچ

گوادر اپنی جغرافیائی اہمیت، ساحلی محلِ وقوع اور وسیع معاشی امکانات کے باعث ملکی و بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے

گوادر کی ترقی میں نجی شعبے کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے، نوجوانوں کو روزگار اور تاجروں کے لیے بارڈرز کھولے جائیں

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی جانب سے ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیویلپرز) آباد (گوادر کے وفد کے اعزاز میں عشائیہ کا اہتمام کیا گیا جس میں گوادر میں سرمایہ کاری، تعمیراتی شعبے کے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

محکمہ مواصلات وتعمیرات نے 192 سب انجینئرز کی تقرری کے احکامات جاری کر دیے

نئی تقرریوں سے محکمہ مواصلات وتعمیرات کی افرادی قوت میں نمایاں اضافہ ہوگا

کوئٹہ (خ ن) محکمہ مواصلات وتعمیرات بلوچستان کی بڑی کامیابی، 192 سب انجینئرز کی تقرری کے احکامات جاری محکمہ مواصلات وتعمیرات حکومت بلوچستان نے ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے ذریعے منتخب ہونے والے 192 سب (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

اوستہ محمد اور جھل مگسی میں نامعلوم مسلح افراد ہندو تاجروں کو لوٹ لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد اور جھل مگسی میں ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران نامعلوم مسلح افراد ہندو تاجروں سے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق اوستہ محمد سٹی پولیس تھانے کی حدود ریشم گلی میں مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر ہندو تاجر موہن گرینزئی سے ہزاروں (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

بیلا، میونسپل کمیٹی بیلا کی خالی جنرل نشست پر ضمنی انتخابات کا شیڈول جاری، پولنگ 9 اگست کو ہوگی

بیلا (یو این اے) میونسپل کمیٹی بیلا کی جنرل نشست پر ضمنی انتخابات کا شیڈول جاری اسسٹنٹ کمشنر اوتھل ریٹرننگ فیسر مقرر انتخابات 9 اگست کو ہوں گے

تنظیم اساتذہ پاکستان کی ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ششماہی جائزہ اجلاس

اجلاس میں آئندہ کے تنظیمی اہداف، درپیش کمزوریوں اور کوتاہیوں پر بھی تفصیلی غور کیا گیا

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) تنظیم اساتذہ پاکستان ضلع جعفرآباد کی ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ششماہی جائزہ اجلاس کامیابی سے منعقد ہوا، جس میں ضلعی ذمہ داران نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں تنظیم اساتذہ پاکستان کے مرکزی ذمہ دار اللہ ڈنہ منگریو نے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

دریائے سندھ کے پانی پر پاکستانی عوام کے حق کا ہر قیمت پر دفاع کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ

پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا نہ صرف غیر قانونی بلکہ انسانی اقدار اور عالمی ضابطوں کے بھی منافی عمل ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنے کی کوشش بین الاقوامی قانون، معاہدوں (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

خاران، ڈی آئی جی کے کامیاب مذاکرات، شٹر ڈاؤن ہڑتال ختم کرنے کا اعلان

تاجروں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے، ڈی آئی جی

خاران (رپورٹ محمد عیسیٰ محمد حسنی) ڈی آئی جی پولیس رخشان ریج عبدالحی بلوچ کا انجمن تاجران خاران کے شاہوانی چوک میں دھرنا میں آمد کامیاب مذاکرات کر کے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں شدید گرمی کے دوران سڑکیں ویران نظر آرہی ہیں

کاشتکاروں کے جائز حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، سہیل الرحمٰن بلوچ

سندھ حکام کی جانب سے بلوچستان کو اس کے جائز حصے کے مطابق زرعی پانی فراہم نہیں کیا جا رہا ہے

نصیرآباد (خ ن) سندھ اور بلوچستان کے صوبوں کے نہری نظام کے مسائل کے حل کیلیے کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں زرعی پانی کی مجموعی صورتحال بلوچستان کو (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

بزرگ ہمارے معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں، عبدالرزاق خجک

معذور افراد کی خدمت اور ان کے مسائل کا حل ہماری اولین ذمہ داری ہے

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خجک نے بزرگ اور معذور افراد کے مسائل سن کر فوری احکامات جاری کر دیے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق خجک نے اپنے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان بلوچستان میں انسداد دہشت گردی کے حوالے سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ گزشتہ 21 برسوں کا گرم ترین دن، پارہ 41.5 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا

شدید گرمی نے ریکارڈ توڑ دیے، شہریوں کو غیر ضروری طور پر باہر نکلنے سے گریز کی ہدایت

دن کے اوقات میں سڑکوں، بازاروں اور تجارتی مراکز میں معمول کی چہل پہل نمایاں طور پر کم رہی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 41.5 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ 21 برسوں کے دوران شہر میں ریکارڈ ہونے والا بلند ترین درجہ حرارت قرار دیا جا رہا ہے۔ غیر معمولی گرمی کی اس (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

بلیلی میں منی پیٹرول پمپ پر لگی آگ پر قابو پالیا

کوئٹہ (یو این اے) ڈائریکٹر فائر سروسز، عبدالحق خان اچکزئی کے مطابق بلیلی میں باچا آغا کے گھر کے قریب واقع ایک منی پیٹرول پمپ پر آگ لگنے کی اطلاع موصول ہونے پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے فائر بریگیڈ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا

نوجوان کسی بھی بڑے قومی اور بین الاقوامی ایونٹ کی کامیابی میں کلیدی حیثیت رکھتے ہیں، بلال کاکڑ

حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے پُرعزم ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں سرمایہ کاری، تجارت اور صنعتی ترقی کے فروغ کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اسی وژن (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

پنجگور، رخشان ندی میں غیر قانونی طور پر ریتی بجری نکالنے پر 6 افراد کو گرفتار کر کے 3 ٹریکٹر ضبط کر لئے

پنجگور (این این آئی) پنجگور انتظامیہ نے رخشان ندی میں غیر قانونی طور پر ریتی بجری نکالنے پر 6 افراد کو گرفتار کر کے 3 ٹریکٹر ضبط کر لئے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق بدھ (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

بی آر ایس پی کے زیر اہتمام انکم جنریٹنگ گرانٹس تقسیم کرنے کے حوالے سے تقریب

پروگرام کے تحت 40 گھرانوں میں پرچون شاپ کے سامان جبکہ مزید 40 گھرانوں میں بھیڑ بکریاں تقسیم

خاران (رپورٹ محمد عیسیٰ محمد حسنی) حکومت بلوچستان کے رائیز پروگرام کے تحت بی آر ایس پی کے زیر اہتمام انکم جنریٹنگ گرانٹس تقسیم کرنے کے حوالے سے تقریب منعقد کی گئی اس تقریب کا مقصد مستحق لوگوں کو روزگار کے نئے مواقع پیدا کر کے ان کی مالی (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

یونیورسٹیوں کا بنیادی مقصد جدید علم پر مبنی تحقیق تیار کرنا ہے — گورنر بلوچستان

دانشمندانہ منصوبہ بندی اور کڑی نگرانی کے نتیجے میں ہم صوبے کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں محدود وسائل اور لامحدود مسائل کے درمیان توازن قائم کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں

حکومت ہائیر ایجوکیشن کو فروغ دینے میں بڑی دلچسپی لے رہی ہے۔ ہمارا مقصد یونیورسٹی آف گوادر کو دنیا کی بہترین کوسٹل بیلٹ یونیورسٹیوں کی فہرست میں شامل کرنا ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اپنی دانشمندانہ منصوبہ بندی اور کڑی نگرانی کے نتیجے میں ہم صوبے کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں محدود وسائل اور لامحدود مسائل کے درمیان توازن قائم کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ آج گوادر یونیورسٹی کیلئے 88.79 فیصد کا سکور حاصل کرنا ہم سب کیلئے ایک اعزاز ہے جس کیلئے یونیورسٹی آف گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر اور ان کی پوری ٹیم خراجِ تحسین کے مستحق ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف گوادر کے تیسرے سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ، بیوٹمز کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میر وائس کاسی، سی ای او قائم لاشاری، اسسٹنٹ پروفیسر احسن اچکزئی جولائی میں بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو یوتھ لیڈ ڈویلپمنٹ اینڈ اکنامک انکلوشن کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ژوب بارش سے 2 مکانات کی چھتیں گر گئیں خاتون اور 2 بچے جاں بحق 4 زخمی

بدھ کو ژوب کے علاقے میں باچا خان سکول کے قریب اور شمسی کالونی میں دو مکانوں کی چھتیں گرنے 4 افراد جاں بحق ہو گئے

انتظامیہ نے نعشوں اور زخمیوں کو ملبے تلے سے نکال کر ہسپتال پہنچادیا، نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئیں

ژوب (این این آئی) ژوب کے علاقے میں بارش کے باعث 2 مکانات کی چھتیں گرنے سے ملبے تلے دب کر خاتون اور 2 بچے جاں بحق جبکہ 4 زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو ژوب کے علاقے میں باچا خان سکول کے قریب اور شمسی کالونی میں دو مکانوں کی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

کراچی: روٹری انٹرنیشنل ڈسٹرکٹ 3271 کے نومنتخب ڈسٹرکٹ گورنر شہزاد صابر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد مزارِ قائد پر حاضری کے موقع پر وائس گورنر پی ڈی جی ڈاکٹر آفتاب امام اور میٹرو پی ڈی جی محمد حنیف خان، ڈسٹرکٹ سیکریٹری عارف صدیقی، ایڈوائزر ٹو گورنر سید کاشف رفیع، وقار احمد شیخ اور عتیقہ دلی، ڈپٹی گورنرز شعیب اسماعیل، پرویز مدرس والا اور امداد بگھیو، ڈسٹرکٹ لرننگ فیسیلیٹیٹر انیلہ چوہدری، ڈسٹرکٹ ایڈیشنل سیکریٹری آصف مکاتی، امپیکٹ کان 2027 کے چیئرمین شاہد اسماعیل کا گروپ فوٹو

روٹری انٹرنیشنل ڈسٹرکٹ 3271 کے نئے سال 27-2026 کا آغاز

نومنتخب ڈسٹرکٹ گورنر شہزاد صابر کی مزار قائد پر حاضری اور انہوں نے پھولوں کی چادر چڑھائی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) روٹری انٹرنیشنل ڈسٹرکٹ 3271 نے نئے روٹری سال 27-2026 کا باقاعدہ آغاز مزارِ قائد پر بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھا کر اور فاتحہ خوانی کے ساتھ کیا ڈسٹرکٹ گورنر شہزاد صابر نے اپنے عہدے کی ذمہ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

لورالائی، شہر بھر میں صفائی ستھرائی کا عمل بھرپور انداز میں جاری

مختلف علاقوں میں نالیوں کی صفائی، کچرے کی بروقت منتقلی اور صفائی کے دیگر امور انجام دیے

لورالائی (خ ن) چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی کی ہدایت پر شہر بھر میں صفائی مہم بلاتعطل جاری صوبائی حکومت کے وژن اور کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی ہدایات کی روشنی میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لورالائی محب اللہ بلوچ کی نگرانی میں شہر بھر میں صفائی ستھرائی (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

چھالیہ، کتھا، تمباکو، چونا اور دیگر اشیاء کی مبینہ طور پر کھلے عام خرید و فروخت جاری

نوجوان نسل تیزی سے گٹکے ماوے اور دیگر مضر صحت عادات کی جانب راغب ہو رہی ہے

سونمیانی وندر (نمائندہ گوادر بزنس) وندر شہر میں گٹکے اور ماوے کی تیاری میں استعمال ہونے والے مضرِ صحت اجزاء چھالیہ، کتھا، تمباکو، چونا اور دیگر اشیاء کی مبینہ طور پر کھلے عام خرید و فروخت جاری سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں کا تشویش کا اظہار۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

سابق سیکرٹری سلیم رضا اور منظور حسین پریس کلب کی لائبریری کے لئے کلب کے صدر عرفان سعید اور شہزادہ ذوالفقار کو کتابیں دے رہے ہیں

کوہلو: میونسپل کمیٹی کے چیئرمین اور وائس چیئرمین بلا مقابلہ منتخب

کوہلو (یو این اے) میونسپل کمیٹی کوہلو کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی خالی نشستوں پر ہونے والے ضمنی انتخابات میں ایڈوکیٹ علی شیر زرکون بلا مقابلہ چیئرمین جبکہ خاتون امیدوار بلا مقابلہ وائس چیئرمین منتخب ہو گئے۔ ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میل اور ریٹرننگ وپریزائیڈنگ آفیسر میونسپل کمیٹی کوہلو حفیظ اللہ مری نے بلوچستان لوکل گورنمنٹ الیکشن رولز کے رول 62 کے تحت فارم XXIV (A) کے مطابق باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق چیئرمین کی نشست پر ایڈوکیٹ علی شیر زرکون جبکہ وائس چیئرمین کی نشست پر سعیدہ بیگم بلا مقابلہ کامیاب قرار پائے ہیں۔

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان کی سابق سینیٹر تاج محمد آفریدی (شہید) کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ+اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ، سیدال خان نے اسلام آباد میں سابق سینیٹر تاج محمد آفریدی (شہید) کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ جا کر فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے دعا کی۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے مرحوم کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تاج محمد آفریدی مرحوم ایک باوقار سیاسی و سماجی شخصیت تھے جنہوں نے عوامی خدمت اور قومی ترقی کے لیے نمایاں خدمات انجام دیں۔ ان کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا مدتوں محسوس کیا جائے گا۔

سبی، دو گروپوں میں فائرنگ سے باپ بیٹا شدید زخمی، تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل

سبی (یو این اے) سبی میں دو گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا ہے جس کے نتیجے میں باپ اور بیٹا شدید زخمی ہو گئے ہیں۔ پولیس موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو ٹیچنگ اسپتال منتقل کر دیا۔ زخمیوں میں وڈیرہ برکت علی کولاچی اور ان کا بیٹا اصغر علی شامل ہیں۔ ڈاکٹروں کے مطابق زخمیوں کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔

شیران اسلام پاکستان شمالی پنجاب کی صوبائی مجلس عاملہ کا ماہانہ اجلاس

صوبائی امیر نے تنظیمی سرگرمیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) شیران اسلام پاکستان شمالی پنجاب کی صوبائی مجلس عاملہ کا ماہانہ اجلاس صوبائی امیر شہزادہ بٹ کی زیرِ صدارت 30 جون 2026 کو بعد از نمازِ مغرب بذریعہ واٹس ایپ منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک اور نعتِ رسولِ مقبول سے کیا گیا، جس کے بعد صوبائی امیر نے تنظیمی سرگرمیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے آئندہ کے لائحہ عمل (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کا مائلو ٹرسٹ کا دورہ

انتظامیہ معاشرے کے کمزور اور ضرورت مند طبقات کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے آج یہاں مائلو ٹرسٹ عملدار روڈ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ادارے میں زیر علاج افراد سے ملاقات کی، ان کی خیریت دریافت کی اور جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے، محمد نعیم

عوامی مفاد کے منصوبوں میں معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان نے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے تحت محکمہ بلڈنگز اینڈ روڈز (بی اینڈ آر) کی جانب سے ضلع کے مختلف علاقوں میں جاری گلیوں اور نالیوں کی تعمیر کے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے موقع (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

کراچی: ہیومن رائٹس پروٹیکشن ویلفیئر آرگنائزیشن چیئرپرسن ڈاکٹر شاہین، جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ ویسٹ، علی محمد صدیقی شجر دوست اور چیئرمین ڈسٹرکٹ ویسٹ، فیضان عکاشہ کا ملاقات کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے ڈاکٹر شاہین

صحت مند معاشرہ ہی ترقی یافتہ قوم کی بنیاد ہوتا ہے علی محمد صدیقی شجر دوست

کراچی (پ۔ر): ہیومن رائٹس پروٹیکشن ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام عوام کو صحت کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے مقصد سے اتوار، 5 جولائی 2026ء کو ضلع غربی کے علاقے تاب روزہ میڈیکل سینٹر، لیاری، نزد تاج مسجد، ایف 11 میں ایک روزہ (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

اسسٹنٹ کمشنر کی زیر صدارت ضلع برشور میں کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہری سے عوام اور اداروں کے درمیان فاصلے کم کرنے میں خاطر خواہ مدد ملے گی، نوید بلوچ

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر برشور نوید بلوچ کی زیر صدارت گزشتہ روز ضلع برشور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں مشترکہ عوامی مسائل پیش کئے گئے، جن کے مناسب اور فوری حل کے لئے موقع پر ہدایات جاری کی گئیں، منعقدہ کھلی کچہری میں تمام محکمہ جات کے ضلعی آفسران کے علاوہ (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

جے یو آئی کا بدامنی اور ڈکیتی کی بڑھتی وارداتوں پر تشویش کا اظہار

کوئٹہ اور صوبہ اس وقت خون، خوف اور بے یقینی کی کیفیت سے گزر رہا ہے، جہاں شہریوں کی جان، مال اور عزت محفوظ نہیں رہی

ریڈ زون میں تاجر ہاشم خان کی شہادت اور ہنہ اوڑک میں مسلح گروہوں کی موجودگی بگڑتی صورتحال کا ثبوت ہے، عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، ڈیجیٹل میڈیا کو آرڈینیٹر عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطاء محمد شمشوزئی اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی بدامنی، دہشت گردی، خصوصاً ہزارگنجی، سریاب، قمبرانی (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0302-3883703
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

ڈیرہ مراد جمالی، لاپتہ ہونے والی بچی کی نعش برآمد

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی دو روز قبل لاپتہ ہونے والی آٹھ سالہ بچی کی لاش زرعی یونیورسٹی کے احاطے سے برآمد پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نوتال پولیس تھانے کی حدود گوٹھ اسد سالانی کی رہائشی اٹھ سالہ بچی اسماء بی بی گزشتہ روز پراسرار طور پر لاپتہ ہوگئی تھی تاہم بدھ کے روز انکی لاش زیر تعمیر زرعی یونیورسٹی کے احاطے سے برامد کرلی گئی پولیس نے لاش تحویل میں لیکر ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردی گئی واقعے کے بارے میں مزید تحقیقات نوتال پولیس کر رہی ہے۔

محمد ناصر مینگل انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم کے ممبر سابق DC نوشکی، خاران، چاغی میر عبدالقدوس مینگل کے جوان سال فرزند محمد ناصر مینگل طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے جو ڈاکٹر عبدالروف مینگل، سیکشن آفیسر جنگلات حماد مینگل، سول سیکرٹریٹ کے فضل اللہ مینگل کے بھتیجے تھے فاتحہ خوانی یکم جولائی سے جامع مسجد سلطان فیز 2 اے ون سٹی بروری کوئٹہ میں ہوگی۔ دریں اثناء سماجی رہنما حافظ عبدالقدیر لہڑی، و دیگر نے اظہار تعزیت کی ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی میں فائرنگ کے مختلف واقعات میں قبائلی رہنما سمیت 5 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں فائرنگ کے مختلف واقعات میں قبائلی رہنما سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب صدر پولیس تھانے کی حدود گوٹھ رحیم بخش جتک میں مسلح افراد نے حملہ کر کے قبائلی رہنما غلام سرور جتک کو شدید زخمی کر کے فرار ہوگئے جن کو تشویشناک حالت میں ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھتر پولیس تھانے کی حدود چھتر فلیجی روڈ پر موٹر سائیکل چھینے کے دوران ڈاکوؤں کی فائرنگ سے سامت قبیلے کے دو نوجوان عبداللطیف اور نوردین سامت شدید زخمی ہوگئے

امن و امان سے متعلق زمینی حقائق حکومتی دعوؤں کی نفی کر رہی ہے — پشتونخوا میپ

عوام کی جان، مال اور عزت محفوظ نہیں۔ عوام روزانہ جرائم، چوری، ڈکیتی، اغوا، قتل اور شاہراہوں پر عدم تحفظ کا سامنا کر رہے ہیں

فارم 47 کی بنیاد پر قائم نام نہاد حکومت کے ترجمانوں کے خوشامدانہ بیانات عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہیں

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلعی کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کے زیر صدارت پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کی سیاسی تنظیمی امور، کارکردگی کا جائزہ (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

تحصیل مانجھی پور کے مختلف علاقوں میں ٹف ٹائل روڈ کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری

اہلِ علاقہ کا اطمینان اور خوشی کا اظہار، خان محمد خان جمالی اور میر قیس خان جمالی سے اظہار تشکر

جعفرآباد (مقصود احمد مہر) رکنِ قومی اسمبلی میر خان محمد خان جمالی کے فنڈ سے، میر قیس خان جمالی کی تجویز کردہ ترقیاتی اسکیم کے تحت ضلع صحبت پور کی تحصیل مانجھی پور کے مختلف علاقوں، جن میں جمالی محلہ، کھوسہ محلہ، بگٹی محلہ، سومرہ محلہ، مرہٹہ محلہ، جھنجھ محلہ سمیت دیگر محلے شامل (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت صحت کے نظام کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس

عوام کو بروقت، معیاری اور بلا امتیاز طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، علی نواز جمالی

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) لورالائی علی نواز جمالی کی زیر صدارت ضلع بھر میں صحت کے نظام کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول کاکڑ، پی پی ایچ آئی (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

چمن میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف کارروائیاں جاری

بازاروں، شاہراہوں اور تجارتی مراکز میں شہریوں کے شناختی کارڈز کی جانچ پڑتال کی گئی

چمن (خ ن) چمن میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف کارروائیاں جاری اسسٹنٹ کمشنر چمن عزیز اللہ کاکڑ اور تحصیلدار احمد خان نے آج ضلع چمن کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف جاری کارروائیوں کا جائزہ لیا اور متعلقہ ٹیموں کی نگرانی کی۔ اس دوران چمن شہر کے مختلف بازاروں، شاہراہوں اور تجارتی مراکز میں شہریوں کے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، کوئٹہ فاؤنڈیشن کی روزینہ خلجی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں